http://www
لمحہ بہ لمحہ ہر خبر سے باخبر رہنے کیلئے
شہر نامہ کی ویب نیوز پر ابھی کلک کریں
قارئین اپنا پسندیدہ اخبار ''شہر نامہ''
ای پیپر اب ویب سائیٹ اور فیس بک پر بھی ملاحظہ فرمائیں
Epaper
www.dailysheharnama.com

ABC CERTIFIED
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول و کثیر الاشاعت قومی اخبار
Daily SHEHAR NAMA Islamabad
روزنامہ شہر نامہ
اسلام آباد
ایڈیٹر عائشہ تنویر
جوائنٹ ایڈیٹر اسامہ امتیاز عباسی
جلد نمبر | جمعۃ المبارک 23 اکتوبر 2026ء 12 جمادی الاول 1448ھ | صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر
07 | فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com | 49

# اسلام آباد بلدیاتی الیکشن، ریٹرننگ افسران کا تقرر، نوٹیفکیشن جاری

ڈاکٹر ظفر اقبال، ڈاکٹر محمود راشد، امداد علی گھمرو، عبدالہادی، فیروز خان، محمد اعجاز، عبدالحق، قیصر محمود، فیروز محمود، سید حسن رضا زیدی اور محمد ثاقب اسسٹنٹ ریٹرننگ افسران مقرر

اسلام آباد (دنیا نیوز) الیکشن کمیشن نے اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کیلئے ریٹرننگ افسران اور اسسٹنٹ ریٹرننگ افسران کا تقرر کر دیا، اس حوالے سے نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈاکٹر ظفر اقبال، ڈاکٹر محمود راشد، امداد علی گھمرو اور عبدالہادی کو اسسٹنٹ ریٹرننگ افسران مقرر کیا گیا ہے۔ فیروز خان، محمد اعجاز، عبدالحق، قیصر محمود، فیروز محمود، نثار احمد ہنجرا، سید حسن رضا زیدی اور محمد ثاقب بھی اسسٹنٹ ریٹرننگ افسران مقرر کیے گئے ہیں۔ اسی طرح طارق محمود، منظور احمد، سید اظہر عباس، اویس احمد خان، محمد شہباز، علی جاوید، غلام مرتضیٰ چانڈیو، ڈاکٹر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

لاہور، صدر آصف علی زرداری سعودی پاک رئیل اسٹیٹ ایکسپو میں شریک ہیں

## غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں نے عوامی استعمال کیلئے مختص پلاٹ بھی فروخت کر دیئے، طلال چوہدری کی نگاہ

سیکٹر ای 12 میں 95 فیصد متاثرین کو قبضہ دیا جا چکا، پراپرٹی کمپنسیشن قانون میں خامیوں کو دور کرنیکی ضرورت ہے، وزیر مملکت

اگر تمام موجودہ تعمیرات کو معاوضے کے لیے اہل قرار دے دیا جائے تو متعلقہ پلاٹس ناکافی ہو سکتے، اسمبلی میں سوالات کا جواب

اسلام آباد (اے پی پی): وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ وفاقی دارالحکومت کے سیکٹر ای 12 میں 95 فیصد متاثرین کو معاوضے اور قبضہ دیا جا چکا ہے، بلٹ اپ پراپرٹی کے معاوضے سے متعلق قانون میں موجود خامیوں کو دور کرنے کی ضرورت ہے۔ جمعرات کو قومی اسمبلی میں اسلام آباد کے سیکٹر ای 12 اور سی 16 میں متاثرین کو معاوضوں کی ادائیگی سے متعلق انجم عقیل خان، ابرار احمد اور نزہت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

## سیکیورٹی فورسز نے قربانیاں دے کر دہشتگردی کا خاتمہ کر دیا تھا مگر امن وامان کو گزشتہ 6 سال میں بہت نقصان پہنچا، خیبر پختونخواہ کو جلتا چھوڑ کر خاموش نہیں رہ سکتے

# دہشتگردوں کو بلا نابری داد مجرمانہ غفلت

PTI نے قربانیوں پر پانی پھیر دیا

شہباز شریف

سابق حکومت کے اقدامات کا خمیازہ عوام کو بھگتنا پڑا، خیبر پختونخوا کے کئی سیاسی خاندانوں نے دہشتگردی کیخلاف بہت قربانیاں دیں، 80 ہزار لوگ شہید، اربوں ڈالر کا نقصان ہوا

مجبوری میں ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ کرنا پڑا، صوبہ میں سیکیورٹی فورسز کو تربیت، جدید اسلحہ، آلات نہیں دیئے گئے، وزیر اعظم نے تکلیف دہ داستان سنا دی

حکومت عسکری قیادت کیساتھ ملکر خیبر پختونخوا کے عوام کے خوشحالی کے خوابوں کو عملی جامہ پہنائے گی، شہباز شریف کا صوبائی ایپکس کمیٹی سے خطاب، اسحاق ڈار، فیلڈ مارشل کی بھی شرکت

پشاور (بیورو رپورٹ/مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ 2018 تک تک خیبر پختونخوا میں مکمل امن قائم ہو گیا تھا، امن عظیم قربانیوں کے نتیجے میں قائم ہوا تھا مگر قیام امن کے بعد پی ٹی آئی دور میں دہشتگردوں کو دوبارہ بلایا کر تمام قربانیوں پر پانی پھیر دیا گیا، جس کا خمیازہ صوبے کے عوام کو بھگتنا پڑا۔ اس سے بڑی مجرمانہ غفلت اور بے حسی کی مثال اور نہیں ہو سکتی۔ صوبے کو چلتا چھوڑ کر خاموش نہیں رہ سکتے تھے۔ پشاور میں نیشنل ایکشن پلان کی صوبائی ایپکس کمیٹی اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ چند سال میں پیدا کیے گئے حالات کی وجہ سے صوبہ بہت متاثر ہے، سیکیورٹی فورسز نے قربانیاں دے کر ملک سے دہشتگردی کا خاتمہ کر دیا تھا مگر امن وامان کو گزشتہ 6 سال میں بہت نقصان پہنچا۔ شہباز شریف نے کہا کہ قیام امن کے بعد پی ٹی آئی دور میں دہشتگردوں کو دوبارہ بلایا گیا، حالیہ چند برسوں میں اسی وجہ سے دہشتگردی میں پھر اضافہ ہوا، اس سے بڑی مجرمانہ غفلت اور بے حسی کی مثال اور نہیں ہو سکتی، خیبر پختونخوا کے کئی سیاسی خاندانوں نے دہشتگردی کیخلاف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

## جماعت اسلامی کا جامعہ کراچی کو 8 بسوں کا تحفہ

محدود وسائل کے باوجود کراچی کی تعمیر وترقی میں مصروف ہیں، حافظ نعیم

42 سال سے طلبہ یونین پر پابندی ہے، جمہوریت کی نرسری کو پنپنے کا موقع نہیں مل رہا

کراچی (بیورو رپورٹ) جامعہ کراچی کے طلبہ و طالبات کے ٹرانسپورٹ مسائل کے حل کے لیے جماعت اسلامی کے ٹاؤن کی جانب سے 8 بسوں کا تحفہ دیا گیا ہے اور امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے طلبہ وطالبات کے لیے 2 ہزار تعلیم کارڈ جاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

## آئیسکو کی نجکاری، 10 کمپنیوں کی پری کوالیفکیشن کی منظوری

پری کوالیفائی ہونے والے بولی دہندگان میں ترکیہ، سعودی عرب اور پاکستان کے معروف سرمایہ کار اور بزنس گروپس شامل

محمد علی کی زیر صدارت نجکاری کمیشن بورڈ کا اجلاس، پاکستان سے اینگرو انرجی، نوواٹیکس، سیفیائر فائبرز اور بیسٹ وے بھی اہل قرار

اسلام آباد (اے پی پی): حکومت کی جانب سے اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کی نجکاری کا عمل اہم مرحلے میں داخل ہو گیا۔ نجکاری کمیشن بورڈ نے آئیسکو کی نجکاری کے لئے 10 قومی و بین الاقوامی فریقین کی پری کوالیفکیشن کی منظوری دے دی۔ نجکاری کمیشن کے اعلامیہ کے مطابق پری کوالیفائی ہونے والے بولی دہندگان میں ترکیہ، سعودی عرب اور پاکستان کے معروف سرمایہ کار اور بزنس گروپس شامل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)


پشاور، وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر ضلعی ترقیاتی کونسل کے نمائندگان سے ملاقات کر رہے ہیں

## ریلوے پر سفر جان کا خطرہ، 4 سال میں 349 حادثات کا انکشاف

95 واقعات عملے کی غلطی اور 64 رولنگ اسٹاک کی خرابی کے باعث پیش آئے، 120 مقدمات تاحال زیر التوا ہیں، وزیر ریلوے

کراچی سے روہڑی تک 480 کلومیٹر ٹریک بچھانے کیلئے ڈھائی ارب ڈالر کا منصوبہ ایم ایل ون کا حصہ ہوگا، اسمبلی میں تفصیل پیش

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان ریلوے میں ساڑھے چار سال کے دوران ٹرینیں پٹری سے اترنے کے 349 واقعات پیش آئے جن میں سے 95 واقعات عملے کی غلطی کی وجہ سے ہوئے۔ قومی اسمبلی میں ریلوے حادثات کی وجوہات، انسدادِ ڈینگی اقدامات اور ایچ آئی وی و ہیپاٹائٹس کے خاتمے کے منصوبوں کی تفصیلات پیش کر دی گئیں۔ قومی اسمبلی اجلاس ڈپٹی اسپیکر غلام مصطفیٰ شاہ کی زیر صدارت ہوا۔ اجلاس میں وقفہ سوالات کے دوران وفاقی وزیر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

اسلام آباد، اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے مالدیپ کے صدر ملاقات کر رہے ہیں

## چلاس: گھر میں آگ لگنے سے 5 سالہ بچی جاں بحق، ماں زخمی

چلاس (آئی این پی) گلگت بلتستان میں چلاس کے علاقے بونر داس میں گھر میں آگ لگنے سے جھلس کر 5 سالہ بچی جاں بحق ہو گئی۔ پولیس کے مطابق گھر میں آگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

## پنجاب، کمرشل گاڑیوں کے ڈرائیورز کا ہر سال طبی معائنہ ہوگا

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پنجاب حکومت نے خونی حادثات روکنے کیلئے کمرشل گاڑیوں کے ڈرائیورز کے حوالے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

## چیئرپرسن BISP روبینہ خالد سے قاسم گیلانی اور خورشید جونیجو کی ملاقات

مستحق خواتین کیلئے سہولیات میں بہتری اور دیگر اقدامات سے متعلق امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد سے ممبران قومی اسمبلی علی قاسم گیلانی اور خورشید جونیجو نے پی آئی ایس پی ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں ملاقات کی۔ ملاقات میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت مستحق خاندانوں کو مالی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

اسلام آباد، چیئرپرسن BISP روبینہ خالد سے رکن قومی اسمبلی قاسم گیلانی ملاقات کر رہے ہیں

## سرکاری ملازمین کی غیر ملکی شہریت کی تفصیلات طلب کرنیکا فیصلہ

ملازمین کو 90 روز میں ڈیکلریشن جمع کرانے کی ہدایت، پرفارما جاری، ذرائع

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی حکومت نے سرکاری ملازمین کی غیر ملکی شہریت کی تفصیلات طلب کرنیکا فیصلہ کیا ہے۔ وفاقی حکومت نے سرکاری ملازمین کی غیر ملکی شہریت کی تفصیلات طلب کرتے ہوئے ملازمین کو 90 روز میں ڈیکلریشن جمع کرانے کی ہدایت کی ہے۔ حکومت نے غیر ملکی شہریت سے متعلق پرفارما بھی جاری کر دیا جس میں وزارتوں اور ڈویژنز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

## لیاقت بلوچ کی وفد کے ہمراہ چیف الیکشن کمشنر سے ملاقات

اسلام آباد کے بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی گئی

ایڈہاک ازم کا خاتمہ، ملک میں انتخابی اصلاحات لازمی، نائب امیر جماعت اسلامی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے وفد کے ہمراہ چیف الیکشن کمشنر سے ملاقات کی، ملاقات میں اسلام آباد کے بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی گئی۔ جماعت اسلامی کے وفد میں نائب امیر جماعت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

اسلام آباد، نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

## پاکستان کا پہلا خلاباز چین سے خلائی سفر کیلئے تیار

25 نومبر کو پہلا خلاباز چین کے خلائی مرکز سے خلا کے سفر پر روانہ ہوگا

اسلام آباد (آئی این پی) 25 نومبر 2026 کو پاکستان کا پہلا خلاباز چین کے خلائی مرکز سے خلا کے سفر پر روانہ ہوگا۔ اس اہم مشن کیلئے پاکستان کے دو پائلٹس، محمد زیشان علی اور خرم داد، کو چین میں سخت طبی، نفسیاتی اور تکنیکی جانچ کے بعد خصوصی خلائی تربیت دی گئی ہے۔ اس خلائی سفر کیلئے ان میں سے ایک پائلٹ کو حتمی طور پر منتخب کیا جائے گا، جو چین کے خلائی اسٹیشن پر پاکستان کی نمائندگی کرے گا۔ یہ خلاباز صرف خلا کا وزٹ نہیں کرے گا، بلکہ وہاں سائنسی تجربات بھی انجام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

## گوادر، پاک ایران سرحد گبد پر محدود تجارتی سرگرمیاں بحال

پہلے سے کلیئر امپورٹ گاڑیوں کو پاکستان آنے کی اجازت دی جا رہی ہے، کسٹمز حکام

گوادر (آئی این پی) گوادر کے قریب پاک ایران سرحد گبد پر محدود پیمانے پر تجارتی سرگرمیاں بحال کر دی گئیں، جہاں سامان کی ترسیل اور ایکسپورٹ کی کلیئرنس دوبارہ شروع ہوئی ہے۔ کسٹمز حکام کے مطابق محدود پیمانے کی بنیاد پر صرف پہلے سے کلیئر امپورٹ گاڑیوں کو پاکستان آنے کی اجازت دی جا رہی ہے۔ حکام کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

## ویرون ملک بیٹھے یوٹیوبرز PTI کے سب سے بڑے دشمن ہیں، خواجہ آصف

یہ تمام یوٹیوبرز محفوظ بیٹھ کر نوٹ چھاپ رہے ہیں، منفی اور اشتعال انگیز پوسٹس کا خمیازہ پی ٹی آئی کو چکانی پڑتی ہے

جس شخص کی حمایت کے دعوے کئے جا رہے ہوں، اُسی کی آزمائشوں اور مشکلات کو کیچ کر ڈالرز کمائے جا رہے ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ بیرون ملک بیٹھے مفت خور یوٹیوبرز درحقیقت پاکستان تحریک انصاف کے سب سے بڑے دشمن ہیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ 'ایکس' پر اپنے ایک بیان میں وزیر دفاع خواجہ آصف نے سخت تنقید کرتے ہوئے کہا کہ یہ تمام یوٹیوبرز باہر محفوظ بیٹھ کر نوٹ چھاپ رہے ہیں، جبکہ ان کی منفی اور اشتعال انگیز پوسٹس کا خمیازہ اور قیمت پاکستان کے اندر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

## اسلام آباد: 12 سالہ لڑکی کو بلیک میل کرنیوالے ملزمان کو 10، 10 سال قید

سیشن عدالت نے ملزمان پر مجموعی طور پر 20 لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کیا

اسلام آباد (آئی این پی) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد نے 12 سالہ لڑکی کو بلیک میل کرنے کے کیس میں 2 ملزمان کو 10، 10 سال قید کی سزا سنا دی۔ ملزمان پر مجموعی طور پر 20 لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کیا گیا ہے۔ کیس کا فیصلہ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج محمد افضل مجوکہ نے سنایا۔ سیکشن 22 کے تحت دونوں ملزمان کو 7، 7 سال قید اور جرمانے کی سزا سنائی گئی ہے۔ سیکشن 24 کے تحت ملزمان کو 3، 3 سال قید اور 10، 10 لاکھ روپے جرمانہ کیا گیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

## سٹاک مارکیٹ میں شدید مندی، سرمایہ کاروں کے اربوں ڈوب گئے

انڈیکس 2006 پوائنٹس کمی کیساتھ ایک لاکھ 63 ہزار 924 کی سطح پر بند ہوا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان سٹاک ایکسچینج میں آج شدید مندی کا رجحان رہا۔ کاروباری ہفتے کے چوتھے روز کاروبار کے آغاز پر معمولی تیزی دیکھی گئی، ہنڈرڈ انڈیکس 250 پوائنٹس بڑھ کر 1 لاکھ 66 ہزار 180 پوائنٹس کی سطح پر پہنچ گیا ہے۔ ٹریڈنگ کے دوران سٹاک مارکیٹ میں مندی چھا گئی جو کاروباری روز کے اختتام تک برقرار رہی جس کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

## منشیات برآمدگی کیس میں انمول عرف پنکی کی بریت کی درخواست دائر

کراچی (آئی این پی) منشیات برآمدگی کیس میں انمول عرف پنکی کی بریت کی درخواست دائر کر دی گئی۔ کراچی کی عدالت میں ملزمہ انمول عرف پنکی کے خلاف منشیات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن جامعہ کراچی کی بسوں کی تزئین وآرائش کے بعد چابی وی سی ڈاکٹر وسیم کے حوالے کر رہے ہیں

## ٹرمپ کا ایران کیساتھ مذاکرات نہ ہونے کا اعلان

''تھوڑی بہت بات چیت ہوئی لیکن دیکھتے ہیں آگے کیا ہوتا ہے'' میڈیا سے گفتگو

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکا کے ایران کے ساتھ مذاکرات نہیں ہو رہے، تاہم ایران سے تنازع کے حوالے سے جلد کچھ نہ کچھ ہوگا۔ جنوبی کیرولائنا سے واشنگٹن روانگی سے قبل میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے ساتھ مذاکرات میں نئی پیش رفت سے متعلق سوال پر کہا ہے کہ تھوڑی بہت بات چیت ہوئی ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

## سندھ ویژن کانفرنس کی تیاریاں تیز

انتظامات مؤثر بنانے کی ہدایت

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن کی زیر صدارت محکمہ اطلاعات کا اہم اجلاس ہوا جس میں سکھر میں سندھ ویژن کانفرنس کی تیاریوں اور انتظامی امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں شرجیل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

## عالمی بینک کی پاکستان میں مہنگائی کی شرح 2.8 فیصد رہنے کی پیش گوئی

مالی سال 26-2025ء میں عمومی مہنگائی کی اوسط شرح 1.7 فیصد رہی، سٹیٹ بینک نے شرح سود بڑھا کر 5.11 فیصد کر دی

دیہی علاقوں میں 4.5 فیصد ریکارڈ، گندم اور جلد خراب ہونیوالی اشیاء کی قیمتوں میں اضافے نے غذائی مہنگائی کو بڑھایا، رپورٹ

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) عالمی بینک نے پاکستان کی ترقیاتی صورتحال سے متعلق سال 2026ء کی اقتصادی رپورٹ جاری کر دی جس میں بتایا گیا ہے کہ مالی سال 26-2025ء میں پاکستان کی معاشی شرح نمو 7.3 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ عالمی بینک کے مطابق ایس اینڈ پی اور موڈیز نے پاکستان کی قرضوں کی درجہ بندی بہتر کی ہے جبکہ پاکستان نے عالمی منڈی میں 750 ملین ڈالر اور 3 ارب ڈالر کے یورو بانڈز بھی جاری کیے۔ رپورٹ کے مطابق زرعی شعبے کی شرح نمو 9.2 فیصد رہی جس میں لائیوسٹاک نے اہم کردار ادا کیا جبکہ خدمات کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

اسلام آباد، وزیر اعظم کے مشیر برائے نجکاری محمد علی نجکاری کمیشن بورڈ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## یمن: حوثی ملیشیا حملے میں جاں بحق سکیورٹی اہلکاروں کی تدفین

حملے میں 70 سے زائد افراد جاں بحق، 200 سے زائد زخمی ہوئے تھے

صنعاء (آئی این پی) یمن کے علاقے شبوہ میں حوثی ملیشیا کے حملے میں جاں بحق ہونے والے سکیورٹی اہلکاروں کی تدفین کر دی گئی۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کے مطابق حملے میں 70 سے زائد افراد جاں بحق اور 200 سے زائد زخمی ہوئے تھے۔ مقامی حکام کے مطابق شبوہ میں پیر 19 اکتوبر کو ایک تربیتی کیمپ کو بیلسٹک میزائلز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

## اسرائیل کا اکتوبر میں ایران پر حملوں کی منصوبہ بندی کا انکشاف

ممکنہ اہداف کی نئی فہرست پیش، جو تازہ انٹیلی جنس معلومات پر مبنی تھی، برطانوی اخبار

لندن (آئی این پی) اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو نے رواں ماہ کے اوائل میں ایران کے خلاف کئی روزہ بڑے پیمانے پر بمباری کی منصوبہ بندی کی تھی تاہم امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی مخالفت کے باعث مبینہ طور پر یہ کارروائی منسوخ کر دی گئی۔ برطانوی اخبار فنانشل ٹائمز نے معاملے سے واقف تین ذرائع کے حوالے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

## ایل پی جی کی قیمت میں 100 روپے فی کلو اضافہ

لکڑی کی فی من قیمت میں بھی 300 روپے تک اضافہ ہو گیا

اسلام آباد (آئی این پی) ایک جانب عوام کو سوئی گیس کے کم پریشر اور لوڈ شیڈنگ کا سامنا ہے تو دوسری ایل پی جی کی بڑھتی قیمتوں کے باعث شہری کافی پریشان ہیں۔ کراچی میں ایل پی جی کی قیمت میں چند روپے نہیں بلکہ پورے 100 روپے فی کلو کا اضافہ ہو گیا۔ 450 روپے کلو ملنے والی ایل پی جی کی قیمت اب 550 روپے ہو چکی ہے۔ سرکاری قیمت تقریباً 280 روپے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

## خیر پور، بترسم ایسٹ-1 کنواں سے گیس اور کنڈینسیٹ کی پیداوار شروع

گیس کی فراہمی میں مزید اضافے کی توقع، ترجمان او جی ڈی سی ایل

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) او جی ڈی سی نے سندھ کے ضلع خیر پور میں بترسم ایسٹ-1 کنواں سے گیس اور کنڈینسیٹ کی پیداوار شروع کر دی۔ ترجمان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

## اسلام آباد میں ڈینگی سے کوئی ہلاکت نہیں ہوئی، مصطفیٰ کمال

ایچ آئی وی کے انسداد کے لیے 2026ء سے 2031ء تک قومی حکمت عملی تیار کر لی گئی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر قومی صحت سید مصطفیٰ کمال کے اسمبلی میں جمع کیے گئے تحریری جواب کے مطابق اسلام آباد میں جون سے ستمبر 2026ء تک ڈینگی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)


اسلام آباد، وزیر اعظم یوتھ پروگرام اور امریکی ادارے PRG کے درمیان معاہدے پر دستخط کی تقریب میں رانا مشہود خان بھی موجود ہیں

## پی ایم یوتھ پروگرام اور امریکی ادارے PRG میں تاریخی معاہدہ

پاکستانی نوجوانوں کیلئے صحت، میڈیکل بلنگ اور ہیلتھ ٹیکنالوجی کے شعبوں میں روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے

پاک امریکا شراکت داری سے صحت کے شعبے میں روزگار کے نئے در وا ہونگے، چیئرمین وزیر اعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم یوتھ پروگرام اور امریکی ادارے PRG کے مابین تاریخی مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہو گئے، جس کے تحت پاکستانی نوجوانوں کیلئے صحت، میڈیکل بلنگ اور ہیلتھ ٹیکنالوجی کے شعبوں میں روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

## ٹرمپ کا ہنگاموں کیلئے مسلمانوں کو ذمہ دار ٹھہرانا احمقانہ: فرانسیسی صدر

پیرس (مانیٹرنگ ڈیسک) فرانسیسی صدر ایمانوئل میکرون نے امریکی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

## بیٹی نے 15 سال کی عمر میں قرآن کی تعلیم حاصل کی تھی: کلنٹن

فلوریڈا (آئی این پی) امریکا کے سابق صدر بل کلنٹن نے موجودہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے مسلم مخالف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

## لاہور پولیس کا گودام پر چھاپہ، 6 ہزار پتنگیں، ڈوریں برآمد، 5 ملزم گرفتار

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) مسلم ٹاؤن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ہزاروں پتنگیں اور قاتل ڈوریں برآمد کر کے 5 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق خفیہ اطلاع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

## کرکٹ کا تماشا، عوام کا امتحان!

کھیل چند روز کا، مگر عوام کیلئے مشکلات بے شمار چھوڑ جاتا ہے

سڑکیں بند، کاروبار ٹھپ، مارکیٹوں کی تالہ بندی شہری محصور!


شہر نامہ
راجہ جاوید
rajajaved786@gmail.com

کھیل صحت مند معاشرے کی علامت، اور خوشی بانٹنے کے لیے ہوتے ہیں، پریشانیاں بڑھانے کے لیے نہیں۔ اسٹیڈیم میں جشن اور شہر کی سڑکوں پر اذیت ایک ساتھ نہیں چلنی چاہیے۔ اگر کھیل کے نام پر شہریوں کا کاروبار بند، وقت ضائع، روزگار متاثر اور زندگی مفلوج ہو جائے تو متعلقہ حکام کو اپنی منصوبہ بندی پر سنجیدگی سے نظر ثانی کرنا ہوگی

مسائل اور ضروریات کا ذمہ دار کون ہے؟

چھوٹے تاجر، ہوٹل مالکان، دکاندار، مزدور، رکشہ و ٹیکسی ڈرائیور اور روزانہ کما کر کھانے والے افراد ہوتے ہیں کاروبار بند ہونے سے صرف ایک دکان نہیں، اس سے وابستہ کئی خاندانوں کا روزگار متاثر ہوتا ہے۔ مسلسل رکاوٹیں مقامی معیشت، تجارتی سرگرمیوں اور عوام کے اعتماد پر بھی منفی اثر ڈالتی ہیں۔

یقیناً کھلاڑیوں، شائقین اور غیر ملکی مہمانوں کی سیکورٹی اہم ہے، اس پر کوئی دو رائے نہیں۔ لیکن شہریوں کے جان و مال، کاروبار، نقل و حرکت اور روزگار کا تحفظ بھی ریاست کی ذمہ داری ہے۔ سیکورٹی کے نام پر ایسی پابندیاں عائد کرنا جن سے ہزاروں شہریوں کی زندگی متاثر ہو، کسی بھی صورت بہترین انتظامی حکمت عملی قرار نہیں دیا جا سکتا۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ سیکورٹی اور شہری سہولتوں کے درمیان ایسا توازن قائم کیا جائے جس میں نہ کھیل متاثر ہو اور نہ عوام کو غیر ضروری مشکلات کا سامنا کرنا پڑے

چھوٹی گاڑیوں، کمرشل گاڑیوں اور موٹر سائیکل سواروں کو ایک طرف کر دیا جاتا ہے، جبکہ بڑی گاڑیوں کو بغیر روک ٹوک گزرنے دیا جاتا ہے۔ اس سے ٹریفک کا بہاؤ بہتر ہونے کے بجائے مزید بگڑ جاتا ہے۔ ایمبولینسز اور ایمرجنسی گاڑیاں بھی اسی ٹریفک میں پھنس جاتی ہیں، جس سے قیمتی جانیں خطرے میں پڑ جاتی ہیں۔ ہمیں ایسے حل کی ضرورت ہے جو سب کے لیے قابل عمل ہو۔ مثلاً ٹریفک کو ہٹانے کے بجائے اسے منظم کیا جائے۔ ٹریفک کو ہٹانے کے بجائے اسے منظم کیا جائے۔ ٹریفک کو ہٹانے کے بجائے اسے منظم کیا جائے۔

روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad

پبلشر عائشہ تنویر نے روہانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد
آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

فون: 0333-5196088, 0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

# ایڈیٹوریل

## 5 سالہ آٹو پالیسی تیار

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے نئی پانچ سالہ آٹو پالیسی کے مسودے سے اصولی اتفاق کر لیا ہے، تاہم اس کی حتمی منظوری سے قبل بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) سے مزید مشاورت کی جائے گی۔ بعدازاں، پالیسی وفاقی کابینہ میں پیش ہوگی اور ٹیکسوں میں مجوزہ ردوبدل کے لیے ضروری قانون سازی پارلیمان سے کرائی جائے گی۔ نئی پالیسی کے بنیادی مقاصد میں گاڑیوں کی برآمدات بڑھانا، مقامی پرزہ سازی کو فروغ دینا، آٹو موبائل صنعت کو عالمی مسابقت کے قابل بنانا اور گاڑیوں کی قیمتوں میں کمی لانا شامل ہیں۔ مجوزہ اقدامات کے تحت مقامی طور پر تیار ہونے والی 650 سے 1500 سی سی تک کی بعض گاڑیوں کی قیمتوں میں کمی متوقع ہے۔ 660 سی سی گاڑی کی قیمت 28 لاکھ 45 ہزار روپے اور اسی زمرے کی نیوانرجی وہیکل کی قیمت 26 لاکھ 76 ہزار روپے تک لانے کا تخمینہ پیش کیا گیا ہے۔ الیکٹرک گاڑیوں کے لیے ایک فیصد سیلز ٹیکس، بعض درآمدی گاڑیوں پر پانچ فیصد کسٹم ڈیوٹی اور فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی میں رعایت کی تجاویز بھی زیرِغور ہیں۔ پاکستان میں آٹو پالیسی کا اصل امتحان یہ نہیں کہ اس میں کتنی خوبصورت تجاویز شامل ہیں بلکہ یہ ہے کہ ان کے نتیجے میں عام شہری کے لیے گاڑی خریدنا اور چلانا کس حد تک آسان ہوتا ہے۔ ایک زمانہ تھا جب متوسط طبقے کا ملازمت پیشہ شخص بھی یہ خواب دیکھ سکتا تھا کہ برسوں کی بچت سے اپنے خاندان کے لیے چھوٹی سی گاڑی خرید لے گا۔ اب صورتحال یہ ہے کہ گاڑی کی قیمت تو ایک طرف، پٹرول اور ڈیزل کے بڑھتے ہوئے اخراجات نے اسے چلانا بھی مشکل بنا دیا ہے۔ تنخواہوں اور آمدن میں اضافے کی رفتار مہنگائی کے مقابلے میں کم ہو تو گاڑی ضرورت کی بجائے آسائش بن جاتی ہے۔ متوسط طبقے کے لیے ذاتی سواری محض سہولت نہیں بلکہ بچوں کی تعلیم، خاندان کی آمدورفت اور روزمرہ زندگی کی ضروریات پوری کرنے کا ذریعہ بھی ہے۔ اس لیے گاڑیوں کی قیمتوں میں حقیقی کمی اور ان کے استعمال کے اخراجات میں اعتدال لانا معاشی پالیسی کا اہم حصہ ہونا چاہیے۔ پاکستان کی آٹو موبائل صنعت کا ایک بنیادی مسئلہ محدود مسابقت اور درآمدی گاڑیوں پر بھاری ٹیکسوں کا نظام ہے۔ مقامی صنعت کے تحفظ کے لیے طویل عرصے سے مختلف ٹیرف اور پابندیاں نافذ رہی ہیں لیکن اس تحفظ کے مقابلے میں صارفین کو قیمت، معیار، حفاظتی سہولتوں اور جدید ٹیکنالوجی کے اعتبار سے کیا فائدہ پہنچا، اس کا سنجیدہ جائزہ ضروری ہے۔ دنیا کی متعدد منڈیوں میں دستیاب نسبتاً کم قیمت گاڑیاں پاکستان پہنچتے پہنچتے بھاری ٹیکسوں اور دیگر اخراجات کے باعث عام آدمی کی قوت خرید سے باہر ہو جاتی ہیں۔ دوسری طرف، مقامی طور پر تیار ہونے والی گاڑیوں کی قیمتوں اور بعض ماڈلز میں حفاظتی سہولتوں کے حوالے سے بھی سوالات اٹھتے رہے ہیں۔ صنعت کاروں کا موقف ہے کہ درآمدات پر انحصار کم کرنے، مقامی روزگار برقرار رکھنے اور پرزہ سازی کی صنعت کو ترقی دینے کے لیے تحفظ ضروری ہے۔ تاہم یہ تحفظ غیر معینہ مدت تک جاری رکھنے کی بجائے معیار، مقامی پیداوار، برآمدات اور صارفین کو ملنے والے فوائد سے مشروط ہونا چاہیے۔ اس معاملے کا ایک اہم پہلو معاشی طاقت اور پالیسی سازی کے درمیان تعلق بھی ہے۔ جب صنعت کے بڑے مفادات کو تحفظ ملتا رہے اور صارفین کو حقیقی مسابقت کے فوائد نہ پہنچیں تو یہ سوال پیدا ہونا فطری ہے کہ حکومتی ترجیحات میں عام شہری کہاں کھڑا ہے۔ پارلیمان اور متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے کہ وہ پالیسی سازی میں مفادات کے ممکنہ ٹکراؤ کو روکیں، فیصلوں میں شفافیت یقینی بنائیں اور کسی مخصوص کاروباری گروہ کو غیر معمولی فائدہ پہنچنے کے امکانات محدود کریں۔ نئی آٹو پالیسی میں درآمدی اور مقامی گاڑیوں کے لیے ایسا متوازن نظام ضروری ہے جس سے صنعت بھی ترقی کرے اور صارف بھی مناسب قیمت پر معیاری اور محفوظ گاڑی خرید سکے۔ یہ مسئلہ محض گاڑیوں تک محدود نہیں بلکہ متوسط طبقے کی مسلسل کمزور ہوتی معاشی حیثیت سے بھی جڑا ہوا ہے۔ مہنگائی، رہائش، تعلیم، علاج، بجلی اور ایندھن کے بڑھتے ہوئے اخراجات نے لاکھوں خاندانوں کے بجٹ پر دباؤ بڑھایا ہے۔ معاشرے میں امیر اور غریب کے درمیان معاشی فاصلے بڑھنے سے احساس محرومی اور بے چینی پیدا ہوتی ہے جو سماجی استحکام کے لیے نقصان دہ ثابت ہو سکتی ہے۔ حکومت کو ایسی معاشی پالیسیوں کی ضرورت ہے جو سرمایہ کاری اور صنعت کاری کے ساتھ عام شہری کی قوت خرید، روزگار اور معیارِ زندگی کو بھی بہتر بنائیں۔ نئی پانچ سالہ آٹو پالیسی کی کامیابی کا معیار محض کارخانوں کی پیداوار یا برآمدی اعداد و شمار نہیں ہونا چاہیے بلکہ یہ بھی دیکھا جانا چاہیے کہ پانچ سال بعد ایک عام پاکستانی آج کے مقابلے میں کتنی آسانی سے محفوظ، معیاری اور مناسب قیمت کی گاڑی خرید سکتا ہے۔

## خطہ عدم استحکام کا شکار!

پاکستان کے فیلڈ مارشل عاصم منیر ایران کے اعلیٰ حکام سے بات چیت کے لئے منگل کو تہران پہنچے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی بھی اُن کے ہمراہ تھے۔ اُنہوں نے تہران میں ایران کے صدر مسعود پزشکیان، ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی اور ایرانی پارلیمان کے سپیکر باقر قالیباف کے علاوہ دیگر اہم عہدیداروں سے ملاقاتیں کیں۔ ایک ملاقات میں باقر قالیباف کا کہنا تھا کہ ایران کی طرف سے امریکہ کو پیش کی گئی سات شرائط پوری ہونے تک امریکہ ایران کا اعتماد حاصل نہیں کر سکتا۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے بتایا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کے ساتھ ہونے والی بات چیت میں مذاکرات سے متعلق امور زیر بحث آئے لیکن زیادہ تر توجہ دوطرفہ تعلقات، روابط اور تعاون کو فروغ دینے پر مرکوز رہی۔ اطلاعات کے مطابق دورے کا تعلق ایران اور امریکہ کے درمیان مذاکرات سے بھی تھا تاہم اِس کا بنیادی مقصد پاکستان اور ایران کے دوطرفہ تعلقات کو مضبوط بنانا اور تعاون میں اضافہ کرنا ہے۔ یاد رہے کہ امریکہ ایران جنگ کے دوران فیلڈ مارشل عاصم منیر کا تہران کا یہ چوتھا سرکاری دورہ ہے۔ وہ ستمبر کے آغاز میں بھی ایران گئے تھے جہاں اُنہوں نے صدر مسعود پزشکیان، سپریم نیشنل سکیورٹی کونسل کے سیکریٹری محسن رضائی، پارلیمان کے سپیکر محمد باقر قالیباف، وزیر خارجہ عباس عراقچی اور وزیر داخلہ سکندر مومنی سے ملاقاتیں کی تھیں۔ اسلام آباد، تہران اور واشنگٹن کے درمیان دباؤ اور کشیدگی کو کم کرنے کے لئے ایک متحرک، پُرعزم اور مرکزی ثالث کا کردار ادا کر رہا ہے۔

عالمی منظر نامے پر نظر ڈالیں تو ایک تکلیف دہ حقیقت نظر آتی ہے، مُسلم ممالک کی باہمی کشیدگی بڑھ رہی ہے، خطہ عدم استحکام کا شکار ہے، اِس صورتِ حال کا سب سے زیادہ فائدہ اسرائیل کو پہنچ رہا ہے کیونکہ فلسطینیوں کی آواز اِن تنازعات کے شور میں دب گئی ہے۔ اسرائیلی حکومت اور اِس کے حامی مسلم ممالک کے اختلافات سے فائدہ اُٹھا رہے ہیں، اسرائیل سائیڈ پر کھڑا ہو کر مسکرا رہا ہے، امریکہ دور بیٹھا ہے جبکہ مسلمان ممالک ایک دوسرے کے مقابل اپنی قوت اور وسائل ضائع کر رہے ہیں۔ مسلم دنیا کی توجہ مشترکہ مسائل سے ہٹ کر باہمی محاذ آرائی پر مرکوز ہو کر رہ گئی ہے۔ اسرائیل نے ہمیشہ سے ہی عرب و عجم اور فرقہ وارانہ تقسیم کا فائدہ اُٹھا کر مسلم دنیا کو لڑائی میں اُلجھائے رکھنے کی حکمت عملی اپنائی ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ صیہونی طاقتیں اور اُن کے مغربی اتحادی پہلے جنگ مسلط کرتے ہیں اور پھر نام نہاد معاہدے پیش کرتے ہیں جبکہ مسلم ممالک صرف اور صرف نقصان اٹھاتے ہیں۔

ایران ثالثی اور سفارتی حل کی بات تو کر رہا ہے لیکن اِس پر عملی پیش رفت ہونا بھی ضروری ہے۔ خطے کی دو بڑی طاقتیں ایران اور سعودی عرب صرف رسمی سفارتی تعلقات کی بحالی پر اکتفا نہ کریں بلکہ عملی قدم اُٹھائیں۔ حوثیوں کے معاملے پر سعودی عرب کی خودمختاری کا احترام یقینی بنایا جائے جیسا کہ قطر نے بھی زور دیا ہے اور ساتھ ہی یمن میں مستقل اَمن قائم کرنے کی کوشش کی جانی چاہئے۔ دونوں ممالک کو چاہئے کہ وہ گھر کی لڑائی کو بیٹھ کر حل کریں۔ اِس عمل میں خلیجی ممالک، ایران اور دیگر متعلقہ فریقوں کو براہِ راست اور مسلسل رابطہ رکھنا چاہئے۔ مسلم ممالک کو یہ بات سمجھنا ہوگی کہ اِن کے سیاسی اور مسلکی اختلافات، خواہ اپنی جگہ کتنے ہی اہم ہوں، مشترکہ سلامتی اور عوام کے مستقبل سے زیادہ اہم نہیں ہو سکتے۔ ایک دوسرے کے خلاف بیرونی حمایت حاصل کرنے کی کوشش وقتی سہارا تو دے سکتی ہے مگر اِس سے باہمی بداعتمادی مزید بڑھتی ہے اور بیرونی مداخلت کی گنجائش پیدا ہوتی ہے۔ پاکستان نے اُمن اور ثالثی کا پرچم اُٹھا رکھا ہے، اِس کی طرف سے فریقوں کے درمیان رابطے بڑھانے کی کوششوں کو تقویت ملنی چاہئے، خطے کو اِس وقت ایسے رابطوں کی ضرورت ہے جو فاصلے کم کر سکیں۔ تہران کے ساتھ بات چیت اور خلیجی ممالک سے روابط اِسی صورت مؤثر ثابت ہوں گے جب متعلقہ فریق بھی مفاہمت کے لئے آمادگی دکھائیں اور اپنے مؤقف میں ضروری لچک پیدا کریں۔ مسلم دنیا اپنی ترجیحات پر اجتماعی طور پر غور کرے۔ یمن کا اَمن ہو، خلیج کی سلامتی یا ایران اور عرب ممالک کے تعلقات، ہر معاملے میں باہمی احترام، خودمختاری اور عدم مداخلت کو بنیاد بنانا ضروری ہے۔ طویل مدت میں مشترکہ اقتصادی مفادات اور سلامتی کے لئے تعاون کا ایسا لائحہ عمل درکار ہے جو خطے کو بار بار بحران کی طرف جانے سے روک سکے۔ تجارت، سرمایہ کاری، توانائی اور عوامی روابط کے ذریعے تعلقات مضبوط ہوں گے تو اختلافات کی گنجائش کم ہو جائے گی۔ پاکستان اِس عمل کو آگے بڑھانے میں مدد دے سکتا ہے لیکن اُمن کی ذمہ داری کسی ایک ملک پر نہیں ڈالی جا سکتی۔ پاکستان کی ثالثی کو دوسرے مسلم ممالک کا تعاون ملنا چاہئے اور تمام فریقوں کو مذاکرات آگے بڑھانے کے لئے اپنی ذمہ داری ادا کرنی چاہئے۔ اِس جنگ سے صرف خطے کے عوام ہی متاثر نہیں ہو رہے بلکہ پوری دنیا پر اِس کے اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ اب ایسے فیصلوں کی ضرورت ہے جو جنگ کا خطرہ کم کریں، اعتماد بحال کریں اور ایک محفوظ، باوقار مستقبل کی اُمید پیدا کریں۔ یہ بات تو طے ہے کہ اختلافات کتنے ہی گہرے ہوں، اُن کو ختم کرنے کے لئے مذاکرات کی میز پر آنا ہی پڑتا ہے۔ بہتر یہی ہے کہ مزید نقصان سے بچا جائے اور بات چیت کا راستہ اختیار کر لیا جائے۔




## کیا یہی ہوتی ہے جمہوریت؟

کون کہتا ہے مسئلے حل نہیں ہو رہے۔ ہمارے پیارے ارکان اسمبلی، ارکان سینٹ دن رات مسئلے حل کرنے میں لگے ہوئے ہیں۔ اب کچھ حاسدین کہیں گے وہ تو سب اپنے کام کرا رہے ہیں، عوام کی تو انہیں دور دور تک فکر نہیں، ایسے لوگوں کو کون سمجھائے کہ ارکان اسمبلی کیا پاکستانی نہیں، کیا ان کا اس ملک پر کوئی حق نہیں، کیا انہوں نے اپنی زندگی عوام کے لئے وقف نہیں کر رکھی، ان کی آل اولاد کے بھی عوام پر سینکڑوں احسانات ہیں، اس لئے اگر وہ اپنے کام کرا رہے ہیں، مسائل حل کرانے میں دن رات مگن ہیں تو انہیں خوشدلی سے اجازت دینی چاہیے کہ پہلے سب کام کرا لیں اور پھر اس بھوکے ننگے، غربت و مہنگائی میں ڈوبے ہجوم پر بھی توجہ دیں، جسے عوام کہا جاتا ہے۔ اصل میں بے صبرے عوام یہ چاہتے ہیں یہ عوامی نمائندے سب کام چھوڑ کر، اپنی کروڑوں روپے کی گاڑیوں سے اتر کر ذرا عوام کے حالات کا جائزہ لیں، وہ کس حال میں زندہ ہیں اور ان پر آج کل کیا بیت رہی ہے۔ یہ عجیب خواہش ہے، عجیب فرمائش ہے۔ ایک بار ووٹ دے کر یا ان دوٹوں سے بننے والوں نے سینٹ کے ارکان بنا کر کیا انہیں خرید لیا ہے۔ ان کی اپنی بھی خواہشیں ہیں، اپنی بھی مجبوریاں ہیں، کچھ تو ان کا بھی خیال کیا جائے۔ اب یہ ہاہا کار مچی ہوئی ہے کہ سینیٹ کے ارکان بلیو پاسپورٹ کے لئے کیوں مرے جا رہے ہیں، کیا ملک کا یہی آخری مسئلہ رہ گیا ہے۔ صرف اپنے لئے نہیں بلکہ اپنی اولاد اور جورینائرڈ ہو کر جا چکے ہیں ان سینیٹرز کے لئے بھی بلیو پاسپورٹ مانگ رہے ہیں، اگر وزارت داخلہ نے یہ کہہ دیا ہے کہ بچوں کی پولیس کلیئرنگ کے بعد بلیو پاسپورٹ جاری ہوں گے تو اس بات نے بھی سینیٹرز کے تن بدن میں آگ لگا دی ہے۔ وہ سب تو خود کو قانون سے ماورا اور دودھ کے دھلے سمجھتے ہیں۔ اپنے بچوں کو بھی اوتار مانتے ہیں اس لئے انہیں اس بات پر بھی شدید اعتراض ہے۔ کوئی بچہ اگر کسی جرم میں ملوث رہا ہے، کہیں اس کا نام ایف آئی آر میں ہے تو حکومت کو کیا تکلیف ہے وہ بس بلیو پاسپورٹ جاری کرے۔ وہ عوام کی طرح کیڑے مکوڑے تو نہیں کہ ایف آئی آر ہو تو بیرون ملک سفر نہیں کر سکتے، بعض اوقات کو تو پاسپورٹ تک نہیں بنوا سکتے۔ اب بلیو پاسپورٹ تو ایک شاہکار ہے، قانون، ویزے اور امیگریشن کی ہر پابندی سے آزاد۔ یہ موقع ہاتھ سے جانا نہیں چاہیے۔ کمزور حکومت، کمزور ادارے سب قابو میں آئے ہوئے ہیں، ان سے جو مرضی منظور کرا لو۔ سو یہ بلیو پاسپورٹ جو کسی زمانے میں ایک نایاب چیز ہوتا تھا، اب اسے بھی ٹکے ٹوکری کرنے کا منصوبہ بنا لیا گیا ہے۔ لوگ حیران ہیں کہ ملک اتنے سنگین حالات سے گزر رہا ہے اور ان شاہی نمائندوں کو دن رات اس خواہش کی پڑی ہے کسی طرح بلیو پاسپورٹ اگلی نسل تک کو مل جائے۔ ایسے لوگوں کی بے حسی، حوصلے اور جرائت مندی کی داد تو بنتی ہے۔

یہ شیدا بڑھی والا بھی کوئی کمال کی چیز ہے، بال کی کھال اتارتا ہے اور بندے کو ہلکان کر دیتا ہے۔ کل پوچھنے لگا بابو جی کیا ان سب کو یہ خطرہ تو لاحق نہیں ہو چکا کہ انہیں اچانک ملک سے جانا پڑ سکتا ہے، اتنا وقت بھی نہیں ملے گا کہ ویزا ہی لگوا سکیں، اس لئے بلیو پاسپورٹ پاس ہونا چاہیے تا کہ فٹافٹ ملک سے نکل جائیں۔ میں نے کہا شیدے یہ تو تم ایسے کہہ رہے ہو، جیسے ان کا ملک سے بھاگنے کا منصوبہ ہو۔ بھلا وہ کیوں جائیں گے، یہ تو ان کا پیارا ملک ہے۔ یہاں ان کی بادشاہی ہے۔ جو کر و فر انہیں یہاں حاصل ہے، دنیا کے اور کسی ملک میں نہیں مل سکتا۔ شیدے نے پوچھا تو پھر وہ بلیو پاسپورٹ کیلئے اتنا واویلا کیوں ڈال رہے ہیں۔ میں نے کہا وہ عوام سے ذرا فاصلہ رکھنا چاہتے ہیں۔ سبز پاسپورٹ رکھ کر انہیں ائرپورٹس پر عوام کے ساتھ قطاروں میں کھڑا ہونا پڑتا ہے، جو بڑی تکلیف دہ بات ہے۔ اس لئے بلیو پاسپورٹ چاہتے ہیں تا کہ سے فرصت ہی نہیں رہی۔ ابھی کل ہی ایک دوست کہہ رہے تھے۔ یہ سینیٹ آخر ہے کیا بلا۔ کیا اس میں بھی عوام کی کوئی بات ہوئی، کیا مہنگائی پٹرول پر کسی نے قرارداد پیش کی، کیا مہنگائی پر عوام میں جو اضطراب ہے اس پر حکومت سے جواب طلبی کی۔ پھر انہوں نے اچھے دل کی بھڑاس اس طرح نکالی کہ اب تو اسے بلیو پاسپورٹ والی سینیٹ کا خطاب ملنا چاہیے۔

میں اس بات کا کھوج لگا تا رہا کہ سیاست میں یہ کلچر شروع دن سے ہے یا یہ کچھ دہائیوں کی پیداوار ہے۔ نہیں صاحب یہ شروع دن کی برائی نہیں، میں نے وہ زمانے بھی دیکھے ہیں جب مراعات بڑھانے کا کوئی بل ایوان میں پیش ہوتا تھا تو اپوزیشن اس کی شدید مخالفت کرتی تھی حتیٰ کہ حزب اقتدار میں سے بھی کئی نمائندے بول پڑتے تھے کہ عوام کو اگر ہم کچھ نہیں دے سکتے تو ہمیں بھی اس کا کوئی حق نہیں کہ اپنے لئے فیصلے کریں۔ کئی بار حکومت کو بل واپس لینے پڑتے تھے، مگر افسوس اب اس حوالے سے سب ایک ہی کشتی میں سوار ہیں۔ عام معاملات میں ایک دوسرے سے لاکھ اختلاف رکھنے والے تنخواہوں میں اضافے، الاؤنسز بڑھانے اور بلیو پاسپورٹ لینے جیسے معاملات میں ایک ہو جاتے ہیں۔ پارٹی کا اختلاف نہ اپوزیشن کا کوئی خیال۔ تیری سرکار میں پہنچے تو سبھی ایک ہوئے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اس وقت 25 کروڑ عوام کا کوئی پُرسانِ حال نہیں۔ تنخواہ دار طبقہ علیحدہ پریشان ہے۔ مزدور بچوں کو دو وقت کی روٹی نہیں کھلا پا رہے۔ تاجر، کسان، ریڑھی تانگہ بان سب پریشان ہیں مگر ہمارے نمائندے، ہمارے حکمران اپنی دنیا میں مگن ہیں، کیا یہی ہوتی ہے جمہوریت؟

## اٹھارہ فیصد کرپٹ یا مجبور بیوروکریسی؟

گزشتہ دِنوں پشاور سے بیوروکریسی کے حوالے سے ایک ایسی خبر سامنے آئی، جس نے ریاستی رٹ اور اُمن وامان کے حوالے سے انتہائی اہم سوال اٹھا دیا ہے، پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس گریڈ 21 کے سینئر افسر اکرام اللہ خان کے پانچ اور سات سالہ، دو کم سن بچوں کو مبینہ طور پر ان کی رہائش گاہ سے اغواء کر لیا گیا، پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس ایسوسی ایشن (پاسا) کے نومنتخب صدر بابر حیات تارڑ نے واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے بچوں کی فوری، بحفاظت بازیابی اور ذمہ داروں کو قانون کے کٹہرے میں لانے کا مطالبہ کیا، انہوں نے ملک بھر میں موجود پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس سے تعلق رکھنے والوں کی طرف سے ایک پریس ریلیز بھی جاری کی ہے، جس کا متن یہ ہے۔ "پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس ایسوسی ایشن (پاسا)، سینئر افسر اکرام اللہ خان کے ساتھ حال ہی میں پیش آنے والے سنگین واقعہ کی شدید مذمت کرتی ہے، جس میں ان کی پشاور میں واقع رہائش گاہ میں مسلح افراد زبردستی داخل ہوئے اور ان کے دو چھوٹے (5 اور 7 سال کی عمر کے) بچوں کو اغواء کر کے لے گئے، یہ ایک انتہائی پریشان کن اور تشویشناک معاملہ ہے، جو سرکاری ملازمین اور ان کے اہل خانہ کی جان، مال اور وقار کے تحفظ کی فوری ضرورت کو اجاگر کرتا ہے، سول سرونٹس ریاست کی جانب سے تفویض کیے گئے عوامی اہمیت کے فرائض سرانجام دیتے ہیں اور حکومتِ وقت کی پالیسیوں اور ترجیحات پر عملدرآمد کراتے ہیں، اُن کی اِن فرائض کو احسن طریقے سے ادا کرنے کی صلاحیت بڑی حد تک اس بات پر منحصر ہے کہ انہیں اور ان کے اہلِ خانہ کو ہر قسم کے خطرے، خوف و ہراس اور مجرمانہ اقدامات سے تحفظ حاصل ہو اور اس تحفظ کو یقینی بنانا بنیادی ریاستی ذمہ داری ہے، پاسا متعلقہ حکام پر زور دیتی ہے کہ وہ بچوں کی فوری اور باحفاظت بازیابی کیلئے تمام ممکن اقدامات کریں، نیز معاملے کی جامع اور تیز رفتار تحقیقات کو یقینی بنا کر ذمہ داران کو کیفر کردار تک پہنچائیں، ایسوسی ایشن اربابِ اختیار پر بھی زور دیتی ہے کہ وہ سول سرونٹس کیلئے کیے گئے حفاظتی اقدامات کا جائزہ لے کر انہیں مزید بہتر بنائیں تا کہ ملک کے کسی بھی حصے میں ایسے واقعات دوبارہ نہ ہوں، پاسا اس انتہائی تکلیف دہ گھڑی میں اکرام اللہ خان اور ان کے اہل خانہ کے ساتھ کھڑی ہے اور بچوں کی باحفاظت اور جلد بازیابی کیلئے دعا گو ہے"۔

اگر تفصیلات اسی طرح درست ہیں جس طرح بیان کی جا رہی ہیں تو یہ محض ایک خاندان کا المیہ نہیں بلکہ خیبر پختونخوا میں اُمن و امان کی صورتحال پر ایک سنجیدہ سوال ہے، ایک ایسے افسر کے گھر میں مسلح افراد کا داخل ہونا اور کم سن بچوں کو لے جانا، جو خود اہم سرکاری ذمہ داریاں ادا کر چکا ہو، اس صوبے میں کچھ عرصہ پہلے تک اُمن و امان قائم کرنے والے ہوم ڈیپارٹمنٹ کا ایڈیشنل چیف سیکرٹری رہا ہو تو یہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی کے حوالے سے تشویش پیدا کرتا ہے، جب ریاستی مشینری کا اہم حصہ رہنے والے افسر کے بچے بھی عدم تحفظ کا شکار ہوں تو عام شہریوں کے خدشات کو نظر انداز کیسے کیا جا سکتا ہے؟

ریاست کی اصل طاقت کا امتحان اس وقت ہوتا ہے جب شہریوں کی جان و مال کا تحفظ بھی ایک سوالیہ نشان بن جائے، چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد نے سرکاری اثاثوں کی واگزاری اور ادارہ جاتی کرپشن کے خاتمے کو اپنی ترجیحات قرار دیا ہے، لیکن اسی موقع پر کرپشن سے متعلق ان کے بیان کردہ اعداد و شمار بھی توجہ طلب ہیں، ان کے مطابق کرپشن کے معاملات میں نجی کاروباری افراد کا تناسب 60 فیصد سے زیادہ، بیوروکریسی کا 18 فیصد، بینک ڈیفالٹرز کا 8 فیصد اور سیاستدانوں کا تقریباً ساڑھے چار فیصد ہے، یہ اعداد و شمار یقیناً احتساب کی ضرورت کو نمایاں کرتے ہیں، لیکن ان کی درست تشریح بھی ضروری ہے، یہ واضح ہونا چاہئے کہ یہ تناسب شکایات، زیرِ تفتیش مقدمات یا کسی دوسری درجہ بندی پر مبنی ہیں، اسی طرح بیوروکریسی میں اٹھارہ فیصد کرپشن کو دوسرے نمبر پر قرار دیے جانے کے باوجود اسے تمام بیوروکریٹس میں کرپٹ افراد کی شرح قرار نہیں دیا جا سکتا، چیئرمین نیب کو یہ بھی واضح کرنا چاہئے چاہئے، عوام کو معلوم ہونا چاہئے کہ کتنے معاملات کی تحقیقات ہوئیں، کتنے الزامات ثابت ہوئے، کتنے افراد کو سزا ملی اور کتنی رقم حقیقتاً واپس قومی خزانے میں آئی، کرپشن کے خلاف اصل کامیابی افسروں کی گرفتاریوں کی تعداد نہیں بلکہ ایسا نظام قائم کرنا ہے جس میں رشوت لینے، نا جائز فائدہ پہنچانے اور سرکاری وسائل ہڑپ کرنے کے مواقع کم سے کم رہ جائیں، ساتھ ہی یہ بھی ضروری ہے کہ احتساب ماضی کی طرح سیاسی انتقام یا افسروں پر دباؤ ڈالنے کا ذریعہ نہ بنے، الزام کی منصفانہ تحقیقات، ثبوت کی بنیاد پر فیصلہ اور اپیل کا حق ہر شخص کو حاصل ہونا چاہئے، دیانتدار افسر کی حوصلہ افزائی اور بدعنوان افسر کا بلاامتیاز احتساب، دونوں ایک ہی اصلاحاتی نظام کے حصے ہونا چاہئیں، مجھے تو ہماری موجودہ بیوروکریسی مجبور اور محکور نظر آ رہی ہے، اکرام اللہ خان کے بچوں کے اغوا کی ابھی تک ایف آئی آر درج نہیں ہوئی یا وہ کسی خوف سے اس ایشو کو ہائی لائٹ ہی نہیں ہونے دے رہے؟

اکرام اللہ خان کے بارے میں بعض حلقوں کی جانب سے کے پی میں پی ٹی آئی حکومت سے مبینہ قربت اور کرپشن کے الزامات کا ذکر بھی کیا جا رہا ہے، تاوان کیلئے کروڑوں روپے مانگے جانے کی اطلاعات بھی سامنے آئی ہیں، تاہم ان دعوؤں کی تصدیق ضروری ہے، سیاسی وابستگی یا کسی مالی الزام کی بنیاد پر اغوا کے محرکات کا فیصلہ نہیں کیا جا سکتا، اگر ان کے خلاف کرپشن کے شواہد ہیں تو قانون کے مطابق تحقیقات ہونا چاہئیں، لیکن کسی افسر کے خلاف الزام اس کے بچوں کو نقصان پہنچانے یا خاندان کو دھمکانے کا جواز نہیں بن سکتا، کسی بھی نتیجے تک پہنچنے سے پہلے شواہد کا انتظار کرنا چاہئے، لیکن تحقیقات میں تاخیر بھی نہیں ہونی چاہئے، کیونکہ اس واقعہ سے پاکستان بھر میں پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس کے سینکڑوں افسر پریشانی کا شکار ہیں۔




# شہرنامہ — فن وثقافت

## رشمیکا مندانا کی شاہ رخ خان کے ساتھ فلم میں کام کرنے کی خواہش

ممبئی (پی این پی) بھارتی اداکارہ رشمیکا مندانا نے بالی ووڈ سپر اسٹار شاہ رخ خان کے ساتھ فلم میں کام کرنے کی خواہش کا اظہار کیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق پروگرام 'کافی وِد کرن 9' میں مخصوص سوال وجواب کے دوران میزبان کرن جوہر نے رشمیکا سے پوچھا کہ وہ آئندہ کس بالی ووڈ اداکار کے ساتھ کام کرنے میں دلچسپی رکھتی ہیں۔ اس پر رشمیکا مندانا نے جواب دیا کہ شاہ رخ خان کے ساتھ فلم ایک دلچسپ تجربہ ہوگی۔ اداکارہ کے اس بیان کے بعد دونوں فنکاروں کو ایک ساتھ بڑے پردے پر دیکھنے کے امکان کے حوالے سے دلچسپی پیدا ہو گئی ہے، تاہم رشمیکا نے کسی ممکنہ فلم کے حوالے سے مزید تفصیلات نہیں بتائیں۔ رشمیکا مندانا کنڑ، تیلگو اور ہندی فلموں میں اپنی اداکاری کے جوہر دکھا چکی ہیں، جبکہ شاہ رخ خان کا شمار بھارتی سنیما کے نمایاں ترین اداکاروں میں ہوتا ہے۔ دونوں اداکاروں کی مشترکہ فلم کے حوالے سے تاحال کوئی باضابطہ اعلان سامنے نہیں آیا ہے۔

## عماد بچوں سے نہیں ملتے، میں اکیلی پرورش کر رہی ہوں: ثانیہ اشفاق

لاہور (پی این پی) پاکستانی کرکٹر عماد وسیم کی سابقہ اہلیہ ثانیہ اشفاق نے دعویٰ کیا ہے کہ عماد وسیم اپنے بچوں سے ملاقات نہیں کرتے اور میں اکیلی ہی بچوں کی پرورش کی تمام ذمے داریاں نبھا رہی ہوں۔ یہ بات انہوں نے برطانیہ میں ایک تقریب کے دوران صحافی سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ ثانیہ اشفاق کا کہنا ہے کہ عماد وسیم نے آخری بار نومبر 2025ء میں بچوں سے ملاقات کی تھی، جب وہ اپنے نومولود بیٹے زیان سے ملنے آئے تھے، اس کے بعد سے انہوں نے نہ بچوں سے ملاقات کی اور نہ ہی ان سے بات کی۔ انہوں نے مزید کہا کہ میں نے بچوں کے والد سے متعلق صحافی کے سوال کا صرف جواب دیا ہے۔ عماد وسیم کی سابقہ اہلیہ کا کہنا ہے کہ میں اپنی زندگی میں آگے بڑھ چکی ہوں اور اپنے بچوں کی اچھی طرح دیکھ بھال کر سکتی ہوں۔ واضح رہے کہ ثانیہ اشفاق گزشتہ کچھ عرصے سے اپنی ذاتی زندگی اور سابق شوہر سے طلاق کے حوالے سے سوشل میڈیا پر خاصی متحرک ہیں۔

## ٹائیگر شروف پر فائرنگ، ملزمان کی رنبیر کپور کے گھر کی بھی ریکی کا انکشاف

ممبئی (پی این پی) بالی ووڈ اداکار ٹائیگر شروف کی گاڑی پر فائرنگ کے ملزمان نے اداکار رنبیر کپور کی باندرہ میں واقع رہائش گاہ کی بھی ریکی کی تھی۔ ممبئی پولیس کی جانب سے فائرنگ کے واقعے کی تحقیقات کا دائرہ وسیع کر دیا گیا ہے، پولیس اس بات کی تحقیقات کر رہی ہے کہ آیا دیگر اداکار بھی ملزمان کے نشانے پر تھے، جبکہ لارنس بشنوئی گینگ سے مبینہ طور پر مسلک اسلحے کی فراہمی کے نیٹ ورک کی بھی تحقیقات کی جا رہی ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ممبئی پولیس نے عدالت کو بتایا ہے کہ ٹائیگر شروف پر حملہ مبینہ طور پر بشنوئی گینگ کے ساتھی انیل پنڈت کے کہنے پر کیا گیا، اب تک 

شہر نامہ SHEHAR NAMA

کلاسیفائیڈ

مشتہرین حضرات متوجہ ہوں

☆ کلاسیفائیڈ اشتہارفی سطر 150 روپے کم از کم تین سطریں ہونی چاہئیں

☆ تمام اشتہار ٹیکہ نیتی کے تحت شائع کئے جاتے ہیں

☆ اشتہارات کی بکنگ ہر روز کی جاتی ہے

☆ ادارہ کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے یا اس کے تحت مالی و دیگر معاملات کا ذمہ دار نہیں ہوگا

رابطہ

فون: 051-224909

موبائل: 0333-5196088

Email:sheharnama@gmail.com



اشتہار گمشدگی پاسپورٹ وڈگری

میرا پاسپورٹ نمبری BM6848252 اور بی ایس ڈگری ایرڈ اگیری کلچر یونیورسٹی 2023 رجسٹریشن نمبر 18-ARID-6075 دوران سفر گم ہوگئے ہیں جس کسی کو ملے رابطہ کرے۔

الشتہر: محمد طاہر اقبال ہاشمی

رابطہ نمبر 0333-5382344


بقیہ نمبر 1

2026ء کو ختم ہونے والی سہ ماہی میں فکسڈ لائن، انٹرپرائز اور موبائل شعبوں کی مستقل رفتار نے گروپ کی مارکیٹ پوزیشن کو مزید مستحکم کیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ انفرادی سطح پر پی ٹی سی ایل کی آمدن میں سال بہ سال 9 فیصد اضافہ ہوا جس میں فلیش فائبر، بزنس سلوشنز اور ہول سیل سروسز کی ترقی کا کلیدی کردار رہا۔ پی ٹی سی ایل نے 11 ارب روپے کا آپریٹنگ منافع اور 3 ارب روپے خالص منافع کمایا جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 343 فیصد کی ریکارڈ بہتری ہے۔ انہوں نے بتایا کہ موبائل سیکٹر میں 25 اضلاع میں نیٹ ورک انضمام کا عمل کامیابی سے مکمل کیا جاچکا ہے جبکہ بڑے شہروں میں فائیو جی کوریج کو تیزی سے وسعت دی جارہی ہے۔ دوسری جانب یو مائیکرو فنانس بینک (یو بینک) نے 3.18 ارب روپے کی آمدن حاصل کی اور گزشتہ سال کے آپریٹنگ خسارے کے برعکس آپریٹنگ منافع کما کر 84 فیصد بہتری کے ساتھ نمایاں مالی بحالی کا ثبوت دیا ہے

بقیہ نمبر 2

مدتی انتخابات کے بعد ایران پر دوبارہ حملوں کے منصوبے تیار کر لیے۔ امریکی اخبار دی نیویارک ٹائمز کی رپورٹس کے مطابق امریکی و اسرائیلی افواج کے ممکنہ اہداف میں ایرانی توانائی کے بنیادی ڈھانچے، جوہری تنصیبات، میزائل اور ڈرونز کے ذخائر شامل ہوسکتے ہیں۔ امریکی اخبار نے رپورٹ کیا ہے کہ امریکی اور اسرائیلی افواج کی ایران کے خلاف ممکنہ طور پر مختصر مگر شدید فوجی کارروائی کی تیاریاں آگے بڑھ رہی ہیں۔ امریکی حکام اور منصوبہ بندی سے آگاہ دیگر ذرائع کے حوالے سے اخبار نے بتایا ہے کہ دونوں ممالک کی افواج نے اپنی فوجی مشقوں میں اضافہ کیا ہے، جن میں عراق کی فضائی حدود میں پروازیں بھی شامل ہیں تاکہ حملوں کے طریقہ کار کی مشق کی جاسکے۔ اخبار کے مطابق امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگستھ نے رواں ہفتے اسرائیلی وزیر اعظم بینجمن نیتن یاہو سے ملاقات کی، جس میں ایران پر ممکنہ نئے حملوں کے معاملے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ نیویارک ٹائمز کے مطابق ایران کے جوہری پروگرام کو نشانہ بنانے کے منصوبوں میں یک ایکس مائنین پر حملہ بھی شامل ہوسکتا ہے، جہاں زیر زمین انتہائی گہرائی میں ایک تنصیب قائم ہے۔ خیال رہے کہ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ فی الحال اس حوالے سے غیر یقینی صورت حال ہے کہ آیا امریکی صدر ان حملوں کی منظوری دیں گے یا نہیں کیونکہ ٹرمپ رواں سال بڑے پیمانے پر فوجی کارروائی دوبارہ شروع کرنے کے متعدد منصوبوں کو پہلے ہی مسترد کر چکے ہیں۔ رواں ماہ کے اوائل میں ٹرمپ نے کہا تھا کہ امریکا وسط مدتی انتخابات سے قبل ایران پر حملہ نہیں کرے گا، کیونکہ دونوں ممالک کے درمیان مثبت پیش رفت پر مبنی مذاکرات جاری ہیں۔ وائٹ ہاس کے ایک عہدیدار نے نیویارک ٹائمز کو بتایا کہ انتظامیہ ایسے فوجی منصوبوں پر تبصرہ نہیں کرتی جو شاید موجود ہوں یا نہ ہوں، ٹرمپ نے تمام آپشنز کھلے رکھے ہیں تاکہ ایران جوہری ہتھیار حاصل نہ کرسکے۔

بقیہ نمبر 3

ملازمہ الخانہ کے سینہ تشدد سے ہلاک ہوئی۔ پولیس کے مطابق یہ واقعہ شیخوپورہ کے علاقے اولکھ پارک میں پیش آیا جہاں لیڈی ہیلتھ ورکر، اس کے شوہر اور 20 سال کے بیٹے نے مل کر گھر میں کام کرنے والی 12 سال کی زینب کو ڈنڈوں سے وحشیانہ تشدد کرکے مار ڈالا۔ پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے لیڈی ہیلتھ ورکر کے شوہر کو گرفتار کرلیا جب کہ خاتون اور اس کے بیٹے کو پکڑنے کیلئے کوششیں جاری ہیں۔ مقتولہ زینب کی والدہ کے مطابق 12 سالہ بچی صرف 4 ہزار مہینہ پر فرخندہ بی بی کے ہاں کل وقتی ملازم تھی۔ کم عمر بچی کی موت پر اہل خانہ نے جانب سے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے انصاف کی اپیل کی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 4

اور نوجوان کاروباری افراد کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرنے والی ایسی تقریبات کا باقاعدگی سے انعقاد ہونا چاہیے تاکہ کاروباری صلاحیتوں کو فروغ اور ملکی معیشت کو تقویت مل سکے۔ کانفرنس کے اختتامی روز ہائر ایجوکیشن کمیشن کے سابق چیئرمین اور کاروباری انکیوبیشن مراکز سے متعلق کمیشن کی ٹاسک فورس کے کنوینر پروفیسر ڈاکٹر جاوید لغاری نے کلیدی خطاب کیا۔ ان کے خطاب کا موضوع ایک کامیاب ہائی کی طرح سوچنے، قیادت کرنے اور کامیابی حاصل کرنے کی صلاحیتیں تھا۔ انہوں نے کاروباری مواقع کی نشاندہی، تزویراتی منصوبہ بندی، مؤثر قیادت اور جدید حل تیار کرنے کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ لیں پاکستان کے بانی مرتضیٰ نورانی تین روزہ سرگرمیوں کا جائزہ پیش کرتے ہوئے کہا کہ اس اقدام کا مقصد نوجوانوں میں کاروباری رجحان کو فروغ دینا، جامعات اور صنعت کے درمیان روابط مضبوط کرنا، نئے کاروباری منصوبوں کو سرمایہ کاروں اور کاروباری رہنماؤں سے جوڑنا اور کاروباری انکیوبیشن کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ پروگرام میں کاروباری تربیتی ورکشاپس، نئے کاروباری منصوبوں کی پیشکش، قیادت سے متعلق مکالمے، مباحثے، جدت طرازی کی نمائش اور ایوارڈز کی تقریب شامل تھی۔ تقریب کے دوران ایک بین النسلی مکالمے میں طہٰ سادات، ڈاکٹر اویس محمود، ٹیمٹنٹ فیک کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور بحریہ یونیورسٹی کی سابق طلبہ انجمن کے صدر وسیم ارشاد اور لیکسر کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ابراہیم سعید نے شرکت کی۔ مقررین نے کاروباری شعبے کو درپیش چیلنجز، نئے مواقع، رہنمائی اور تجربہ کار کاروباری شخصیات کے نوجوانوں کے ساتھ تعاون کی اہمیت پر تبادلہ خیال کیا۔ ایک اور اہم نشست میں آزاد جموں و کشمیر کے سابق صدر سردار مسعود خان، اسٹیٹ بینک آف پاکستان راولپنڈی کے چیف منیجر رضوان شمسی، ہائر ایجوکیشن کمیشن کے رکن برائے تحقیق و ترقی پروفیسر ڈاکٹر حبیب بخاری، سماجی کاروباری شخصیت و ماہر تعلیم ڈاکٹر افشین ذیشان، ادارہ برائے تحفظ دانشورانہ ملکیت پاکستان کے چیئرمین ڈاکٹر حافظ عزیز الرحمن اور ایبٹ یونیورسٹی کے وائس چانسلر ایئر مارشل (ر) عبدالمعید خان نے شرکت کی۔ نشست میں کاروباری منصوبوں کے لیے مالی وسائل تک رسائی، تحقیقی نتائج کو تجارتی مقاصد کے لیے بروئے کار لانے، دانشورانہ ملکیت کے تحفظ اور جامعات، صنعت اور مالیاتی اداروں کے درمیان اشتراک کو مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ بس پاکستان 2026ء کی نمائش میں 30 سے زائد سٹالز قائم کیے گئے، جہاں جدید خیالات، مصنوعات، منصوبوں اور کاروباری سرگرمیوں کو پیش کیا گیا۔ گلگت بلتستان سمیت ملک کے مختلف علاقوں سے جامعات اور تعلیمی اداروں نے شرکت کی۔ ایئر یونیورسٹی، رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی، اردو یونیورسٹی اور دیگر اداروں کی شرکت سے نوجوان کاروباری افراد کو روابط بڑھانے، تجربات کے تبادلے اور باہمی تعاون کے مواقع میسر آئے۔ تین روزہ کانفرنس کے دوران طلبہ اور نوجوان کاروباری افراد کو اپنی صلاحیتیں نکھارنے، کاروباری خیالات پیش کرنے اور صنعت سے وابستہ ماہرین کے تجربات سے استفادہ کرنے کا موقع ملا۔ اختتامی تقریب میں نمایاں کاروباری کامیابیوں کے اعتراف میں ایوارڈز تقسیم کیے گئے، یادگاری تحائف پیش کیے گئے اور اختتامی کلمات ادا کیے گئے

بقیہ نمبر 5

کرتے ہوئے قابو کرلیا، ملزم کو مزید قانونی کارروائی کے لیے مقامی پولیس کے حوالے کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ابتدائی اطلاعات کی روشنی میں کاک کے رہائشی وسیم دی، 15 ایمرجنسی ہیلپ لائن پر فائرنگ کی اطلاع دی، کالر کے مطابق فائرنگ میں ملوث ملزمان جاتگی کی جانب فرار ہورہے تھے۔ اطلاع ملتے ہی پٹرولنگ پولیس ٹاہلی موڑ متحرک ہو گئی اور کارروائی کرتے ہوئے فائرنگ کے بعد فرار ہونے والے موٹر سائیکل سوار کو گرفتار کر لیا۔ پٹرولنگ پولیس حکام کے مطابق گرفتار شخص کی شناخت مبشر علی سکنہ میانہ پھلمل کے نام سے ہوئی ہے، جسے مزید تفتیش اور قانونی کارروائی کے لیے مقامی پولیس کے حوالے کردیا گیا ہے۔ واقعے میں زخمی ہونے والے شخص کے حوالے سے مزید تفصیلات سامنے نہیں آسکیں۔ پٹرولنگ پولیس ٹاہلی موڑ کی بروقت کارروائی پر عوامی حلقوں نے پولیس اہلکاروں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے جرائم کی روک تھام کے لیے ایسی کارروائیاں جاری رکھنے کی ضرورت پر زور دیا ہے

بقیہ نمبر 6

ہوا ہے۔ اسرائیلی اخبار کا کہنا ہے کہ لبنان میں ریزرو فوجیوں کو مسلسل جبری ڈیوٹی پر مجبور کیا گیا ہے، میتن یاہو کی حکومت اسرائیلی معاشرے کو تقسیم کر رہی ہے۔ ادارے میں کہا گیا ہے کہ قدامت پسند یہودیوں کو فوج میں بھرتی سے استثنیٰ مل رہا ہے۔

بقیہ نمبر 7

کیوبا کے فن، موسیقی اور ثقافت کے مختلف پہلوؤں پر مبنی دستاویزی مواد بھی پیش کیا گیا، جبکہ اسلام آباد میں مقیم ایک کیوبن خاتون نے شاعری سنا کر حاضرین کو محظوظ کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیوبا کے سفیر دامیان لورڈ یرو فوریس نے شرکا کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ثقافت محض تفریح کا ذریعہ نہیں بلکہ قومی شناخت کی اساس ہے۔ انہوں نے فیڈل کاسترو کے ثقافتی ورثے کے تحفظ اور انقلاب کے تسلسل میں کردار کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ ثقافت کسی قوم کی بقا اور اس کی شناخت کے لیے بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ کیوبا کے سفیر نے امریکی پابندیوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ مشکل حالات کے باوجود کیوبا دنیا کو فن، ثقافت اور سنجیدگی کا پیغام دے رہا ہے۔ انہوں نے اس موقف پر زور دیا کہ کیوبا دنیا کے لیے خطرہ نہیں بلکہ اس کے خلاف عائد پابندیاں اصل مسئلہ ہیں۔ تقریب کا اختتام کیوبا کے معروف گیت ''گوانتانامیرا'' کی اجتماعی گائیکی سے ہوا، جس میں تمام شرکا نے حصہ لیا۔ پاکستان میں کیوبا کے سفارت خانے کے مطابق اس تقریب کا مقصد کیوبا کی قومی ثقافت، فنون اور روایات کو اجاگر کرنا اور دونوں ممالک کے عوام کے درمیان ثقافتی روابط کو فروغ دینا تھا

بقیہ نمبر 8

صلاحیت میں اضافے اور لائیوسٹاک کے شعبے کی پائیدار ترقی میں جدید جینوٹک ٹیکنالوجیز کے کردار کو اجاگر کرنا تھا۔ وائس چانسلر ایریڈ ایگریکلچر یونیورسٹی راولپنڈی، پروفیسر ڈاکٹر قمر الزمان نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ اپنے خطاب میں انہوں نے وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال کی جانب سے نیشنل سینٹر کے قیام اور ترقی کے لیے مسلسل تعاون کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ سینٹر کی جدید ترین لیبارٹریز، جدید آلات اور جینوٹک ٹیکنالوجیز پاکستان میں مویشیوں کی نسلوں کی بہتری، پیداوار میں اضافے اور سائنسی تحقیق کے فروغ کے لیے اہم مواقع فراہم کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

بقیہ نمبر 9

جانب سے لکھے گئے خط میں کہا گیا ہے کہ ملی طلب کے مطابق ایل پی جی درآمد کی جا رہی ہے تاہم اطلاعات ہیں کہ درآمدات کے باوجود ٹرمینلز سے ایل پی جی باقاعدگی سے نہیں اٹھائی جا رہی۔ خط کے مطابق اس صورتحال کے باعث ممکنہ ذخیرہ اندوزی کے تسلسل میں کردار کو اجاگر کرتے ہوئے کہا گیا کہ ثقافت کسی قوم کی بقا اور اس کی شناخت کے لیے بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ کیوبا کے سفیر نے امریکی پابندیوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ مشکل حالات کے باوجود کیوبا دنیا کو فن، ثقافت اور سنجیدگی کا پیغام دے رہا ہے۔ انہوں نے اس موقف پر زور دیا کہ کیوبا دنیا کے لیے خطرہ نہیں بلکہ اس کے خلاف عائد پابندیاں اصل مسئلہ ہیں۔ تقریب کا اختتام کیوبا کے معروف گیت ''گوانتانامیرا'' کی اجتماعی گائیکی سے ہوا، جس میں تمام شرکا نے حصہ لیا۔ پاکستان میں کیوبا کے سفارت خانے کے مطابق اس تقریب کا مقصد کیوبا کی قومی ثقافت، فنون اور روایات کو اجاگر کرنا اور دونوں ممالک کے عوام کے درمیان ثقافتی روابط کو فروغ دینا تھا

بقیہ نمبر 10

سلامتی، ٹیکنالوجی اور پالیسی کے اہم پہلوؤں کو ان کے وسیع تر تناظر میں سمجھنے سے دلچسپی رکھنے والے سکالرز اور عملی ماہرین شریک ہوتے ہیں۔ سیمینار میں اہل علم، دانشوروں اور مختلف شعبوں کے ماہرین نے شرکت کی۔ کیس لاہور کے ڈائریکٹر ایئر مارشل عرفان احمد (ریٹائرڈ) نے افتتاحی کلمات پیش کیے۔ پاپولیشن سینٹر پاکستان کے چیف ایگزیکٹو آفیسر منہاج الحق نے "پاکستان کے آبادیاتی رجحانات اور آبادی میں اضافہ: ملک کے لیے تزویراتی مضمرات" کے موضوع پر خطاب کیا۔ انہوں نے پاکستان کی تیز رفتار آبادی میں اضافے اور اس کے نتیجے میں عوامی خدمات، قدرتی وسائل اور سماجی و معاشی ترقی پر بڑھتے ہوئے دباؤ کی نشاندہی کی۔ انہوں نے خاندانی منصوبہ بندی، بچیوں کی تعلیم، خواتین کی بااختیاری، صحت کی سہولیات اور ہنرمندی کے فروغ کو مضبوط بنانے پر زور دیا۔ انہوں نے پاکستان کے پائیدار مستقبل کے لیے آبادی کے منظم انتظام اور تعلیم، روزگار اور وسائل کی تقسیم سے متعلق مؤثر پالیسیوں کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ ایس ڈی پی آئی اسلام آباد کی سینئر پالیسی ایڈوائزر اور سینئر فار ہیلتھ پالیسی اتوویشن (سی ایچ پی آئی) کی سربراہ ڈاکٹر رضیہ صفدر نے "آبادی میں اضافہ، شہری پھیلاؤ اور انسانی سلامتی: پاکستان کو درپیش ابھرتے ہوئے چیلنجز" کے عنوان سے اپنے خیالات پیش کیے۔ انہوں نے بتایا کہ تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی، شہری پھیلاؤ اور موسمیاتی تبدیلی پاکستان کے نظام صحت اور بنیادی وسائل پر دباؤ میں اضافہ کررہے ہیں۔ انہوں نے صحت کے شعبے کے لیے ملکی سطح پر مالی وسائل کی فراہمی، آبادی کے مربوط انتظام اور خواتین کی بااختیاری کی اہمیت اجاگر کی، اور "ون ہیلتھ" اپروچ اپنانے پر بھی زور دیا، جس میں انسانی، حیوانی اور ماحولیاتی صحت کو ایک ساتھ دیکھا جاتا ہے۔ وزارت منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات کے تحت پلاننگ کمیشن کی رکن (آبادی) ڈاکٹر شانہ حیدر نے "مستقم پاکستان کی تعمیر: آبادی کے انتظام اور پائیدار شہری ترقی کا لائحہ عمل" کے موضوع پر اظہار خیال کیا۔ ڈاکٹر حیدر نے تیز رفتار آبادی اور شہری پھیلاؤ سے پیدا ہونے والے چیلنجز پر روشنی ڈالی اور صحت، تعلیم، ہنرمندی کے فروغ اور خواتین کی معاشی شمولیت میں سرمایہ کاری کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے آبادی کے مربوط انتظام، بہتر طرز حکمرانی، اداروں کے باہمی تال میل اور پائیدار شہری منصوبہ بندی پر زور دیا، تاکہ آبادیاتی دباؤ کو مواقع میں بدلا جاسکے اور ایک جامع ترقی کی حامل، زیادہ مستحکم پاکستان کی بنیاد رکھی جاسکے۔ سیمینار کے اختتام پر کیس لاہور کے صدر ایئر مارشل عاصم سلیمان (ریٹائرڈ) نے کہا کہ پاکستان کی بڑھتی ہوئی آبادی کو قومی سطح کی تزویراتی ترجیح کے طور پر تسلیم کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ اظہار ہوئیں آئی تربیم کے بعد آبادی کی فلاح و بہبود کی ذمہ داری بڑی حد تک صوبوں کے پاس آ گئی ہے، اس لیے وفاق اور صوبوں کے درمیان ہم آہنگی ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ آبادیاتی تبدیلی کا انتظام ایک قومی تقاضا ہے جس کے لیے پورے معاشرے کو شامل کرنے والا طرز عمل درکار ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ پاکستان کا مستقبل آبادی کی تعداد پر نہیں، بلکہ اس کی پیداواری صلاحیت پر منحصر ہے۔ سیمینار کا اختتام ایک فلکر انگیز سوال و جواب کی نشست پر ہوا، جس میں خواتین کی تعلیم، انسانی سرمائے، آبادی میں تیز رفتار اضافے، حکومتی اقدامات اور ان پر عمل درآمد کے طریقہ کار پر بھرپور بحث و مباحثہ دیکھنے میں آیا

بقیہ نمبر 11

طور پر تیل کی ترسیل کر رہے تھے۔ ایرانی پاسداران انقلاب کا کہنا ہے کہ اشتعال انگیزی جاری رہی تو امریکا کے علاقائی اڈوں کو نشانہ بنائیں گے۔ 2 دن قبل ایرانی پاسداران انقلاب کی جانب سے کہا گیا تھا کہ آبنائے ہرمز میں 2 ٹینکر بحری بارودی سرنگوں سے ٹکرا گئے۔ ایرانی پاسداران انقلاب کا کہنا تھا کہ بارودی سرنگوں سے ٹکرا کر دونوں ٹینکروں میں آگ لگ گئی۔

بقیہ نمبر 12

مینجمنٹ کے موضوع پر پریزینٹیشن دیتے ہوئے بتایا کہ افسران پریس بریفنگ کی تیاری کیسے کریں، مشکل سوالات کا مؤثر انداز میں جواب کیسے دیں اور صحافیوں و عوام تک درست معلومات کیسے پہنچائیں۔ انہوں نے دباؤ کی صورت حال میں پرسکون رہنے، گفتگو کو بنیادی موضوع تک محدود رکھنے اور واضح، جامع اور مدلل جوابات دینے کی اہمیت پر زور دیا۔ شرکا کو یہ بھی ہدایت کی گئی کہ وہ صحافیوں کے ساتھ دوستانہ اور پیشہ ورانہ تعلقات برقرار رکھیں اور میڈیا سے گفتگو کے دوران غیر ضروری بحث و تکرار سے گریز کریں۔ ورکشاپ کے دوران انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب اور دیگر سینئر افسران کی پریس کانفرنسز کی ویڈیوز بھی دکھائی گئیں جن کے ذریعے یہ واضح کیا گیا کہ افسران صحافیوں کے سوالات کے جوابات دینے، عوامی خدشات دور کرنے اور مؤثر ابلاغ کے ذریعے عوام کا اعتماد بحال کرنے کے لیے کس طرح اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں۔ تربیتی ورکشاپ کے دوران تین مختلف مراحل پر مشتمل فرضی پریس کانفرنس کی مشق بھی کرائی گئی جس میں مختلف اداروں کے افسران کو مشکل سوالات اور دباؤ پر مبنی صورت حال میں جواب دینے کی عملی تربیت فراہم کی گئی۔ ایک مشق کے دوران شرکا کو ایک فرضی واقعہ دیا گیا جس میں پولیس اہلکاروں کے خلاف الزامات اور عوامی تنقید میں اضافے کی صورت حال پیش کی گئی۔ افسران کو ہدایت کی گئی کہ وہ اپنے محکمے کا موقف واضح کریں، مشکل سوالات کے جوابات دیں اور گفتگو کو حقائق تک محدود رکھیں۔ ایس ایس پی آپریشنز لاہور ڈاکٹر فیصل کامران نے شرکا کو خوش امدید کہا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین ایکسٹم کمیٹی نے کامیاب سرمایہ کاروں کو مبارکباد پیش کی اور کہا کہ فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی سرمایہ کاروں کو محض خریدار یا سرمایہ کار نہیں سمجھتی بلکہ انہیں اپنا بزنس پارٹنر تصور کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اتھارٹی اور سرمایہ کاروں کے درمیان باہمی اعتماد، شفافیت اور تعاون ہی مستقبل کے کامیاب منصوبوں کی بنیاد ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سرمایہ کاروں کا FGEHA کی پالیسیوں اور نظام پر اعتماد ادارے کے لیے باعث اطمینان ہے اور اتھارٹی اس اعتماد کو مزید مضبوط بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی، کیپٹن (ر) ظفر اقبال نے بھی خطاب کیا۔ انہوں نے تمام کامیاب سرمایہ کاروں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ آکشن میں سرمایہ کاروں کی بھرپور شرکت اور اعتماد اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ FGEHA کی پالیسیوں اور نظام کو سرمایہ کار برادری میں پذیرائی حاصل ہو رہی ہے۔ ڈی جی FGEHA نے کہا کہ: "آپ ہمارے لیے صرف سرمایہ کار نہیں بلکہ ہمارے بزنس پارٹنر ہیں۔ آپ نے جس اعتماد کے ساتھ FGEHA کا انتخاب کیا ہے، ہم اپنی کارکردگی اور عملی اقدامات کے ذریعے ثابت کریں گے کہ آپ کا یہ فیصلہ درست تھا۔" انہوں نے کہا کہ FGEHA سرمایہ کاروں کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرنے اور ان کے جائز مسائل کو فوری بنیادوں پر حل کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ اس مقصد کے تحت ہر سرمایہ کار کو خصوصی پروٹوکول اور سہولت فراہم کی جائے گی، جبکہ ہر سرمایہ کار کے ساتھ FGEHA کا ایک فوکل/متعلقہ افسر مقرر کیا جائے گا تاکہ سرمایہ کار کو کسی بھی معاملے میں دشواری پیش آئے تو وہ براہِ راست متعلقہ افسر سے رابطہ کرسکے اور اس کے مسئلے کو فوری طور پر حل کیا جاسکے۔ کیپٹن (ر) ظفر اقبال نے کہا کہ سرمایہ کاروں کے اعتماد کو برقرار رکھنا اتھارٹی کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور ادارہ سرمایہ کاروں کو بروقت سہولت، رہنمائی اور خدمات کی فراہمی یقینی بنائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ FGEHA کی جانب سے سرمایہ کاروں کو سہولت فراہم کرنے کے لیے وضع کی گئی پالیسیوں اور اداسکی کے طریقہ کار کا مقصد سرمایہ کاروں کو زیادہ سے زیادہ آسانی فراہم کرنا ہے۔ اتھارٹی مستقبل میں بھی سرمایہ کاروں کے لیے مزید سہولت بخش اقدامات متعارف کرانے کے لیے کوشاں رہے گی۔ اس موقع پر موجود سرمایہ کاروں نے بھی FGEHA کی پالیسیوں پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے دیگر اداروں کے بجائے FGEHA کی پالیسیوں، شفاف طریقہ کار اور سرمایہ کار دوست اقدامات کو مدنظر رکھتے ہوئے FGEHA کا انتخاب کیا ہے۔ سرمایہ کاروں نے کہا کہ انہیں امید ہے کہ اتھارٹی مستقبل میں بھی اسی جذبے کے ساتھ ان کے مفادات اور سہولیات کو ترجیح دے گی۔ سرمایہ کاروں نے FGEHA کی جانب سے ان کے لیے خصوصی سہولیات اور مسائل کے فوری حل کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو سراہا اور اسے سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافے کے لیے ایک مثبت قدم قرار دیا۔ تقریب کے اختتام پر سوال و جواب (Answer Question) سیشن کا بھی انعقاد کیا گیا، جس میں سرمایہ کاروں نے براہِ راست ڈائریکٹر جنرل FGEHA سے مختلف امور اور اپنی سرمایہ کاری سے متعلق سوالات کیے۔ ڈی جی FGEHA نے سرمایہ کاروں کے سوالات کو غور سے سنا اور موقع پر ہی متعلقہ افسران کو ضروری ہدایات جاری کرتے ہوئے بیشتر مسائل کے فوری حل کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ نمبر 14

تاجر برادری اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی اس موقع پر پی ٹی ایل کے گروپ ہیڈ شمیم عباس سیالی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کیو بی ایل ہمیشہ اپنے صارفین کو معیاری قابل اعتماد اور جدید ترین بینکاری سہولیات فراہم کرنے کے لیے کوشاں رہتا ہے بھدّانہ میں بریانچ کا قیام علاقے کے عوام کو ان کی دہلیز پر مالیاتی خدمات فراہم کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے ہماری ترجیح صارفین کی ضروریات کو سمجھنا اور ان کے معیار زندگی و کاروبار میں آسانی پیدا کرنا ہے برانچ کے فعال ہونے سے مقامی تاجروں کاروباری افراد اور عام شہریوں کو مالیاتی امور کی انجام دہی میں بڑی سہولت میسر آئے گی اور انہیں معمول کی بینکاری کے لیے دیگر دور دراز علاقوں کا رخ نہیں کرنا پڑے گا افتتاحی تقریب کے شرکاء اور تاجر برادری نے بھدّانہ میں یو بی ایل کی برانچ کے قیام کا بھرپور خیر مقدم کیا اور اسے علاقے میں اقتصادی و تجارتی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے انتہائی خوش آئند قرار دیا

بقیہ نمبر 15

زیارت گروپ آرگنائزرز کے لیے سفری ایڈوائزری جاری کردی گئی ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ زائرین روانگی سے قبل ایران، عراق سیکٹر کی پروازوں کی پیشگی تصدیق لازمی کریں، غیر یقینی پروازوں کو اختیار نہ کرنے اور متبادل سفری انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بالخصوص تہران، مشہد اور نجف کے درمیان سفر کرنے والے زائرین پروازوں کی پیشگی تصدیق ضرور کریں، پرواز منسوخی کی صورت میں متبادل زمینی یا فضائی سفر یا رہائش کے لیے اضافی رقم ہمراہ رکھیں۔ وزارت مذہبی امور نے رجسٹرڈ زائرین گروپ آرگنائزرز کو غیر مصدقہ ایرانی پروازوں پر انحصار سے گریز کی ہدایت کی گئی ہے

بقیہ نمبر 16

۔تفصیلات کے مطابق اقبال کالونی گلیانہ، تحصیل گوجر خان کے رہائشی نعیم احمد ولد شفقت حسین کے گھر میں اہل خانہ کی غیر موجودگی کے دوران نامعلوم چور تالے توڑ کر داخل ہوئے اور تقریباً 10 تولے طلائی زیورات، جن کی مالیت 30 لاکھ روپے بتائی گئی ہے، جبکہ 2 لاکھ 50 ہزار روپے نقدی چوری کر کے فرار ہو گئے تھے۔ و

بقیہ نمبر 17

جس کو سولہ سال پہلے آج کے وزیر اعظم شہباز شریف جو کہ اس وقت وزیر اعلیٰ تھے نے ہموار کیا اور معاشرے کے کم آمدنی والے غریب نادار اور یتیم بچوں کے لیے اعلیٰ درجے کے نجی تعلیمی اداروں جیسے اپنی سن کاج کے برابر مفت اور معیاری تعلیم فراہم کرامیر اور غریب کا تعلیمی فرق مٹایا۔

سب سے پہلے اگر دانش اسکول اسلام آباد کیمپس کی بات کی جائے تو کری روڈ پر اسلام آباد کیمپس 30 ایکڑ رقبے پر قائم کیا گیا ہے جو کہ صرف ایک عمارت نہیں بلکہ مقررہ وقت سے پہلے مکمل ہونے والا یہ منصوبہ سات ہزار سے زائد بچوں کے لیے امید کی کرن بنی اور اپنے خوابوں کو سچ کرتے ہوئے ہواؤں میں اڑنے کے لیے تیار کرنے کی یہ وہ تاریخ ساز عمارت ہے جس کی ہر اینٹ ہر کونے میں ملک بھر سے میرٹ پر منتخب ہونے والے تین سو ساٹھ بچوں کا مستقبل جڑا ہوا ہے۔

یہاں طلبہ وطالبات کے لیے الگ الگ اکیڈمک بلاکس بنائے گئے ہیں ہر بلاک میں 24 کلاس رومز ،کمپیوٹر لیبز، جدید لیبارٹری، جدید سائنس لیبز گلوگل لیبز، روبوٹکس لیبز، ای لائبریری اور آرٹ روم شامل ہیں اور بچوں کو یہاں بارہویں جماعت تک معیاری تعلیم، کھانا، یونیفارم اور کتب کی مفت سہولیات سمیت بچوں کی ذہنی وفیزیاتی صحت، کھیل اور اداروں کے قیام کے ساتھ ساتھ ان کے والدین کو بھی روزگار کے مواقع فراہم کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

اگر دانش اسکول میں داخلہ کی شرائط پر اگر مختصر بات کی جائے تو ایسے بچے جن کے والدین غریب ہوں اور ماہانہ آمدن چالیس ہزار سے کم ہو وہ داخلے کے اہل ہوں گے اس کے علاوہ ایسے بچے جن کے والدین وفات پا چکے ہوں پرورش کے لیے کوئی سرپرست نہ ہو اور مستقل ذریعہ آمدن یا وراثتی جائیداد نہ ہو وہ/والدہ اہل ہوں گے

اور اگر بچہ یتیم ہو اور والدہ کا مستقل ذریعہ آمدن اور وراثتی نہ ہو وہ/والدہ اہل ہوں گے

پنجاب میں دانش اسکول کا جال بچھا ہوا ہے اور سنٹرز آف ایکسیلنس سمیت چالیس ہزار سے زائد بچے یہاں اپنا مستقبل سنوار رہے ہیں۔

پنجاب میں رحیم یار خان، حاصل پور (بہاولپور)، چشتیاں (بہاولنگر)، ڈیرہ غازی خان، فاضل پور، وہاڑی، منکیرہ (چکھر)، جوہر آباد (خوشاب)، جنڈ (ضلع اٹک) اور ہرنولی دانش اسکولز قوم کے معمار پیدا کر رہے ہیں۔

وزیر اعظم شہباز شریف نے دانش اسکولز کو محض ایک منصوبے کے طور پر نہیں بلکہ ایک غریب والدین کے دکھوں کو دل سے محسوس کرتے ہوئے ایک ایسی چھت شروع کی جو صرف پنجاب تک محدود نہیں بلکہ وزیر اعظم شہباز شریف کے وژن کے تحت دانش اسکول کا دائرہ کار وفاق اور دوسرے صوبوں تک پھیلا دیا گیا ہے جو بلوچستان، ژوب اور موسیٰ خیل میں نئے اسکولز منظور ہو چکے ہیں گلگت بلتستان میں گلگت اور شگر اضلاع میں بھی اسکولز قائم کیے جارہے ہیں اور آزاد کشمیر کی وادیوں میں بھی تعلیمی نیٹ ورک شروع کیا گیا ہے

بقیہ نمبر 18

آپریشنز اور ٹی

راولپنڈی، سہ ملکی سیریز کے میچ میں سری لنکن بلے باز شارٹ کھیل کر رن لیتے ہوئے

## پی ٹی سی ایل گروپ کی آمدن میں 62 فیصد اضافہ

**صارفین کی مجموعی تعداد 7 کروڑ 60 لاکھ کی حد عبور کر گئی ہے، سی ای او**

اسلام آباد (اے پی پی) پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن کمپنی لمیٹڈ (پی ٹی سی ایل) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی ای او) محمد ندیم خان نے سال 2026ء کی تیسری سہ ماہی کے شاندار مالیاتی نتائج کا اعلان کرتے ہوئے بتایا ہے کہ گروپ کی مجموعی آمدن میں سال بہ سال 62 فیصد کا غیر معمولی اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے جبکہ آپریٹنگ منافع 181 فیصد اضافے کے بعد 5,33 ارب روپے اور مجموعی خالص منافع 7.4 ارب روپے تک پہنچ گیا ہے۔ یوفون اور ٹیلی نار پاکستان کے تاریخی اور کامیاب انضمام کے نتیجے میں موبائل آمدن میں 139 فیصد کا نمایاں اضافہ ہوا ہے اور صارفین کی مجموعی تعداد 7 کروڑ 60 لاکھ کی حد عبور کر گئی ہے۔ سی ای او محمد ندیم خان نے واضح کیا کہ 30 ستمبر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

## امریکا و اسرائیل کا انتخابات کے بعد ایران پر نئے حملوں کا منصوبہ تیار

نیویارک (آئی این پی) امریکی اور اسرائیلی افواج نے امریکی وسط (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

## شیخوپورہ: کمسن ملازمہ تشدد سے ہلاک

شیخوپورہ (آئی این پی) شیخوپورہ میں گھر میں کام کرنے والی کمسن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

راولپنڈی ہیومن رائٹس فیلوشپ آف لائرز ٹیم کا لیگل ایڈ اینڈ آؤٹ ریچ پروگرام کے افتتاح کے موقع پر گروپ فوٹو

## بحریہ یونیورسٹی کے زیر اہتمام یوتھ انٹرپرینیورشپ سمٹ، نمائش اور ایوارڈز تقریب اختتام پذیر

**نوجوانوں میں کاروباری صلاحیتوں کے فروغ، جدت طرازی اور پائیدار معاشی ترقی کے لیے اداروں میں تعاون کی اہمیت اجاگر کی گئی**

**کاروباری شعبے کو درپیش چیلنجز، نئے مواقع، رہنمائی اور تجربہ کار کاروباری شخصیات کے نوجوانوں کیساتھ تعاون کی اہمیت پر تبادلہ خیال**

اسلام آباد (اے پی پی): بحریہ یونیورسٹی اسلام آباد میں تین روزہ بس پاکستان: بینگ سی ای او ز، کاروباری افراد اور جدت طرازوں کی کانفرنس، نمائش اور ایوارڈز 2026 اختتام پذیر ہو گئے جس میں نوجوانوں میں کاروباری صلاحیتوں کے فروغ، جدت طرازی اور پائیدار معاشی ترقی کے لیے تعلیمی اداروں، صنعت اور مالیاتی شعبے کے درمیان تعاون کی اہمیت اجاگر کی گئی۔ اختتامی تقریب کے مہمان خصوصی وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری اور چیئرمین بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ تھے۔ انہوں نے اپنے خطاب میں نوجوانوں کو کاروبار شروع کرنے، جدت طرازانہ سوچ اپنانے اور اپنے کاروباری منصوبوں کو عملی شکل دینے کے مواقع فراہم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں، صنعت، حکومت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

## پولیس اکیڈمی، نیب اور آئی بی افسران کیلئے میڈیا بریفنگ و تربیتی سیشن

**عدنان باجوہ نے افسران کو مشکل سوالات کا موثر انداز میں جواب دینے بارے بتایا**

اسلام آباد (اے پی پی): انفارمیشن سروسز اکیڈمی (آئی ایس اے) کے زیر انظام جمعرات کو نیشنل پولیس اکیڈمی، قومی احتساب بیورو (نیب) اور انٹیلی جنس بیورو (آئی بی) اکیڈمی کے افسران کے لیے میڈیا بریفنگ، صحافیوں کے سوالات کے جوابات دینے اور عوام تک معلومات کی فراہمی کے حوالے سے عملی تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ ڈائریکٹر انفارمیشن سروسز اکیڈمی مہرین لیاقت نے شرکا کو وزارت اطلاعات ونشریات کے امور اور اکیڈمی کی جانب سے پیشہ ورانہ تربیت کی فراہمی کے حوالے سے آگاہ کیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر عدنان اکرم باجوہ نے موثر میڈیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

## گوجر خان، فائرنگ واقعے میں ایک شخص زخمی

گوجر خان (بیورو رپورٹ) گوجر خان راماں پھاٹک کے قریب گزشتہ رات فائرنگ کے واقعے میں ایک شخص زخمی ہو گیا، فائرنگ کر کے فرار ہونے والے موٹر سائیکل سوار کو پٹرولنگ پولیس ٹاہلی موڑ نے بروقت کارروائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

## نیتن یاہو اسرائیل کے مفاد میں اقتدار چھوڑ دیں: اسرائیلی میڈیا

تل ابیب (آئی این پی) اسرائیلی اخبار کے اداریے میں کہا گیا ہے کہ یقین یا ہو اسرائیل کے مفاد میں اقتدار چھوڑ دیں، اسرائیل کو نئی قیادت اور قومی اتحاد کی ضرورت ہے۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق بنجمن یاہو ناکامیوں کے باوجود اقتدار سے چپکے ہوئے ہیں، لاکھوں اسرائیلیوں کو بطور ریزرو فوجی جنگوں میں دھکیلا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

## اسلام آباد میں کیوبا کے قومی ثقافتی دن کی تقریب کا انعقاد

**کیوبن سفیر کا ثقافت کو قومی شناخت اور یکجہتی کی بنیاد قرار دینے پر زور**

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) کیوبا کے قومی ثقافتی دن کے موقع پر پاکستان میں کیوبا کے سفارت خانے کے زیر اہتمام خصوصی تقریب کا انعقاد، تقریب میں ثقافتی شعبے سے وابستہ افراد اور کیوبا پاکستانی خاندانوں نے شرکت کی۔ تقریب کیوبا کے قومی ثقافتی ورثے، فنون لطیفہ اور موسیقی کو اجاگر کرنے کے ساتھ کیوبا کے انقلابی رہنما فیڈل کاسترو کی صد سالہ سالگرہ اور وزارت ثقافت کے قیام کی پچاسویں سالگرہ سے بھی منسوب تھی۔ تقریب کا آغاز کیوبا کی مصوری کے مختلف نمونوں، کتابوں، موسیقی کے آلات اور روایتی کھانوں کی مختصر نمائش سے ہوا۔ اس موقع پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

## ایریڈ ایگریکلچر یونیورسٹی میں لائیوسٹاک تحفظ بارے قومی سمپوزیم کا انعقاد

**مقصد شعبے کی پائیدار ترقی میں جدید جینومک ٹیکنالوجیز کے کردار کو اجاگر کرنا تھا**

راولپنڈی (پ ر) نیشنل سینٹر فار لائیوسٹاک بریڈنگ، جینیٹکس اینڈ جینومکس، پیر مہر علی شاہ ایریڈ ایگریکلچر یونیورسٹی راولپنڈی نے ''جینومکس کے ذریعے لائیوسٹاک میں تبدیلی'' کے عنوان سے قومی سمپوزیم نیشنل سینٹر، راوت میں منعقد کیا۔ سمپوزیم میں پاکستان کے چاروں صوبوں سے شرکاء نے شرکت کی۔ اس کا مقصد مویشیوں کی افزائش نسل، جینیاتی بہتری، پیداواری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

بارانی یونیورسٹی میں منعقدہ سمپوزیشن کے موقع پر وائس چانسلر قمر الزمان و دیگر کا گروپ فوٹو

## راولپنڈی رنگ روڈ کا افتتاح نومبر کے پہلے ہفتے میں متوقع

**4 انٹرچینجز کا کام 99 فیصد مکمل**

**مریم نواز منصوبے کا افتتاح کریں گی، تقریب بانٹھ انٹرچینج، جی ٹی روڈ پر منعقد ہونے کا امکان، حتمی تاریخ کا اعلان ہونا باقی**

**راولپنڈی رنگ روڈ کے 38.3 کلومیٹر طویل روٹ پر دوسرے پیکیج کے تحت ٹولنگ سسٹم کی تنصیب کا کام جاری**

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) راولپنڈی رنگ روڈ منصوبے کے افتتاح کی تیاریاں شروع کر دی گئی ہیں، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز منصوبے کا افتتاح کریں گی، افتتاحی تقریب بانٹھ انٹرچینج، جی ٹی روڈ پر منعقد ہونے کا امکان ہے، تاہم حتمی تاریخ کا اعلان ہونا باقی ہے۔ ذرائع کے مطابق راولپنڈی رنگ روڈ کا افتتاح 28 اکتوبر یا نومبر کے پہلے ہفتے میں متوقع ہے۔ منصوبے کے افتتاح کے لیے وزیر اعلیٰ پنجاب سے تاریخ دینے کی درخواست کی گئی تھی۔ افتتاح کے بعد راولپنڈی رنگ روڈ کو ٹریفک کے لیے کھول دیا جائے گا۔ آر ڈی اے ذرائع کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

## FGEHA کے زیر اہتمام خصوصی انویسٹر کانفرنس کا انعقاد

**حالیہ آکشن میں کامیاب ہونے والے سرمایہ کاروں میں لیٹرز و ایوارڈز تقسیم**




اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی کے زیر اہتمام سرمایہ کار کانفرنس کا انعقاد کامیاب سرمایہ کاروں میں ایسپیشنس لیٹرز (Acceptance Letters) اور ایوارڈز تقسیم، سرمایہ کاروں کو خصوصی سہولیات اور فوری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

## گوجر خان، آر پی او بابر سرفراز آج کھلی کچہری لگائیں گے

گوجر خان (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی ریجن بابر سرفراز الپا 23 اکتوبر 2026 بروز جمعہ شام 4 بجے دن تھانہ گوجر خان ضلع راولپنڈی میں کھلی کچہری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

## ایچ آر ایف ایل: راولپنڈی میں آگاہی کیمپ پروگرام کا آغاز

**اقدام کا مقصد عوام کو رہنمائی فراہم کرنا، اور انصاف تک رسائی کو بہتر بنانا ہے، رابن داؤد**

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) ایچ آر ایف ایل کی جانب سے راولپنڈی میں عوام کے لیے قانونی امداد اور آگاہی کیمپ پروگرام کا آغاز راولپنڈی میں ہیومن رائٹس فیلوشپ آف لائرز (HRFL) نے اپنے صدر ایڈووکیٹ رابن داؤد کی قیادت میں اپنی ٹیم کے ہمراہ جناح پارک، راولپنڈی میں قانونی امداد اور آگاہی کیمپ پروگرام کا افتتاح کیا۔ اس اقدام کا مقصد عوام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

## ایران نے جدید جنگی اور خودکش ڈرونز کی تیاری کی پہلی ویڈیو جاری کر دی

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کی فوج نے پہلی بار مقامی سطح پر تیار کیے گئے جدید ترین ڈرونز کی ویڈیو جاری کر دی، جس میں جنگی اور خودکش ڈرونز کی تیاری کا عمل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

## گروپ کیپٹن عاصم طارق کا قتل؛ ملزم سعد عباسی پر فرد جرم عائد

**ملزم کا صحت جرم سے انکار، انسداد دہشتگردی عدالت میں آئندہ سماعت پر گواہان طلب**

اسلام آباد (آئی این پی) انسداد دہشتگردی عدالت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

## یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ (UBL) کی بھڈانہ برانچ کا شاندار افتتاح

**علاقے کی تاجر برادری اور شہریوں کے لیے جدید اور معیاری بینکاری سہولیات کی فراہمی**

گوجر خان (بیورو رپورٹ) ملک کے معروف مالیاتی ادارے یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ (UBL) نے اپنے نیٹ ورک کو وسعت دیتے ہوئے بھڈانہ میں نئی برانچ کا باقاعدہ افتتاح کر دیا ہے اس برانچ کے قیام سے بھڈانہ اور اس کے گردونواح کے شہریوں کے لیے جدید محفوظ اور تیز ترین بینکاری سہولیات کی نئی راہ کھل گئی ہے ایک پروقار افتتاحی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں یو بی ایل کے گروپ ہیڈ ضیغم عباس سیالی جنرل منیجر خیام باسط، ل ابرانچ منیجر ارسلان جاوید چوہدری اعظم پرویز راجہ ایاز راجہ ثاقب بشیر ملک وقص راجہ زوہیب الحق تیمور بوبی سمیت معززین علاقہ، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

## ایران اور عراق کے زائرین کیلئے ٹریول ایڈوائزری جاری

**پرواز منسوخی کی صورت متبادل سفر یا رہائش کے لیے اضافی رقم ہمراہ رکھیں**

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزارت مذہبی امور نے پاکستان سے ایران اور عراق کے لیے فضائی سفر کرنے والے زائرین کو خبردار کرتے ہوئے سفری ایڈوائزری جاری کر دی ہے۔ وزارت مذہبی امور کے ترجمان نے اسلام آباد سے جاری بیان میں کہا کہ ایران اور عراق کے لیے فضائی سفر کرنے والے پاکستانی زائرین ہوشیار باش، پاکستانی زائرین اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

## اقبال کالونی گلیانہ گھر میں چوری کا معمہ حل، پڑوسی گرفتار

**10 تولے زیور، نقدی اور مال مسروقہ برآمد، مقدمہ درج کر لیا گیا**

گوجر خان (بیورو رپورٹ) تھانہ گوجر خان پولیس نے پانچ روز قبل شہری کے گھر میں ہونے والی چوری اور نقب زنی کی واردات کا معمہ حل کرتے ہوئے مدعی کے پڑوسی کو گرفتار کر لیا، ملزم کے انکشاف اور نشاندہی پر 40 لاکھ روپے سے زائد مالیت کے 10 تولے طلائی زیورات اور 2 لاکھ 50 ہزار روپے نقدی سمیت 100 فیصد مسروقہ سامان برآمد کر لیا گیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

سینٹر فار ایروا سپیس اینڈ سکیورٹی اسٹڈیز کے زیر اہتمام تقریب کے بعد شرکاء کا گروپ فوٹو

## واشنگٹن، پاک امریکا ٹیک کنیکٹ کے ایڈیشن کا کامیاب انعقاد

**پاکستانی آئی ٹی کمپنیوں، امریکی ماہرین اور سرمایہ کاروں کی شرکت**

واشنگٹن (آئی این پی) واشنگٹن ڈی سی میں پاک امریکا ٹیک کنیکٹ 2026 کے تیسرے ایڈیشن کا انعقاد کیا گیا۔ پاکستانی آئی ٹی کمپنیوں اور امریکی سرمایہ کاروں نے شرکت کی۔ اگلا ایونٹ آج جمعہ کو شکاگو میں ہوگا۔ سلیکون ویلی اور ڈیلاس کے بعد واشنگٹن ڈی سی میں بھی پاک امریکا ٹیک کنیکٹ 2026 کا میلہ سج گیا۔ پاکستانی سفارتخانے اور پاکستان سافٹ ویئر ایکسپورٹ بورڈ کے اشتراک سے منعقدہ ایونٹ میں 16 معروف پاکستانی آئی ٹی کمپنیوں، امریکی ماہرین اور سرمایہ کاروں نے شرکت کی۔ کمپنی سربراہان نے اپنے اداروں کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

اڈیالہ، انوار شاہ، عطا اللہ نیازی و دیگر کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر ہار پہنائے جا رہے ہے

## آئی ٹی پی افسران کی گاڑی حادثہ کا شکار، 2 افسران زخمی

**سی ٹی او کائنات اظہر کا ہسپتال کا دورہ، بہترین طبی امداد کی فراہمی کی ہدایت**

اسلام آباد (نمائندہ۔ شہرنامہ) دوران ڈیوٹی ٹریفک حادثے کے نتیجے میں اسلام آباد ٹریفک پولیس کے دو اہم افسران شدید زخمی ہو گئے ہیں۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی اعلیٰ پولیس حکام کی فوری رسائی اور بروقت طبی امداد کی فراہمی سے افسران کی حالت اب خطرے سے باہر بتائی جا رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق ٹریفک حادثے میں زخمی ہونے والے افسران (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

ٹریفک حادثہ میں زخمی ہونے والے اسلام آباد ٹریفک پولیس کے افسران اور گاڑی کا منظر

## تجاوزات کا خاتمہ منصوبوں کا تعمیراتی معیار یقینی بنایا جائے، ڈی سی راولپنڈی

**عمارتوں کے نقشہ جات کی منظوری سے متعلق 712 کیسز میں سے 660 کیسز کا فیصلہ، 52 کیسز پر کام، 21 کیسز مسترد کیے جا چکے**

**منصوبوں کی بروقت تکمیل یقینی بنائی جائے، اہداف کے مطابق اپریل تک منصوبوں کو مکمل کیا جائے، کیپٹن ریٹائرڈ ندیم ناصر**

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی زیر صدارت راولپنڈی میونسپل کارپوریشن کی حدود میں کمرشل و رہائشی عمارتوں کے منظور شدہ نقشہ جات، منظوری کے عمل اور زیر التوا کیسز کے حوالے سے اجلاس ان کے دفتر میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز فضائل مدثر، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز جنید (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

## سعودیہ نے اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد کیلئے گرانٹ جاری کر دی

**اقدام بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی کے ساتھ طویل عرصے سے جاری تعاون کا تسلسل**

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) مملکت سعودی عرب نے بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد کے لیے سالانہ گرانٹ میں سے 14 کروڑ 45 لاکھ روپے جاری کر دیے ہیں۔ بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی کے ملازمین اور عملے نے جامعہ کے صدر و قائم مقام ریکٹر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

## مکۃ المکرمہ اور مدینۃ المنورہ کی حاضری بلاوے سے نصیب ہوتی ہے، انوار شاہ ہمدانی

اڈیالہ (نامہ نگار) مکۃ المکرمہ اور مدینۃ المنورہ کی حاضری صرف دولت سے نہیں بلکہ بلاوے سے نصیب ہوتی ہے۔ واپسی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

## خلیج فارس میں 4 جہاز بارودی سرنگوں سے ٹکرا گئے

**اشتعال جاری رہنے تو امریکا کے علاقائی اڈوں کو نشانہ بنائیں گے، پاسداران انقلاب**

تہران (آئی این پی) خلیج فارس میں 4 جہاز بارودی سرنگوں سے ٹکرا گئے۔ ایرانی پاسداران انقلاب کی جانب سے کہا گیا ہے کہ بارودی سرنگوں سے ٹکرانے کے باعث جہازوں میں آگ لگ گئی۔ پاسداران انقلاب نے الزام عائد کیا ہے کہ چاروں جہاز غیر قانونی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

## دانش اسکول!

**یتیم، غریب اور پسماندہ علاقوں کے ہونہار بچوں کے خوابوں کو تعبیر دینے کا سفر**




ایک معاشرے کی ترقی اور فرد کی شخصیت سازی میں تعلیم کی جو اہمیت ہے اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا اور آج کے دور میں میں غریب اور متوسط طبقے کے لیے اپنے بچوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنا ایک بہت بڑا چیلنج ہے اور یہی وجہ ہے کہ صلاحیت کے باوجود غریب خاندان کے بچے اعلیٰ تعلیمی اداروں تک رسائی کا تصور بھی نہیں کر سکتے۔

پاکستان کے باصلاحیت نوجوانوں کی ترقی میں بڑی رکاوٹ مالی وسائل ہیں اگر یہ کہا جائے تو غلط نہ ہوگا اسی رکاوٹ کو ختم کرتے ہوئے وزیر اعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان محمد شہباز شریف نے "معیاری تعلیم مساوی تعلیم سب کے لیے" اس وژن کو مدنظر رکھتے ہوئے 18 اکتوبر 2026 کو اسلام آباد میں دانش اسکول کا افتتاح کرتے ہوئے پاکستان میں امیر اور غریب بچوں کے درمیان دوہرے معیار تعلیم کے کانسپٹ کا خاتمہ کیا۔

دانش اسکول پاکستان میں مستحق اور ہونہار بچوں کو اعلیٰ معیار کی مفت تعلیم فراہم کرنے کا ایک فلاحی تعلیمی منصوبہ ہے جس کا آغاز 2010 میں پنجاب سے کیا گیا جو کہ اب پنجاب سے نکل کر پورے پاکستان میں پھیل رہا ہے۔

دانش اسکولز صرف ایک تعلیمی منصوبہ نہیں بلکہ پسماندہ علاقوں کے ذہین بچوں اور ان کے والدین کی بند آنکھوں سے دیکھنے والے خوابوں کو حقیقت میں بدلنے کا راستہ ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)


GOVERNMENT OF PAKISTAN
MINISTRY OF HOUSING & WORKS
FEDERAL GOVERNMENT EMPLOYEES HOUSING AUTHORITY

INVITATION FOR PROPOSALS

Federal Government Employees Housing Authority (FGEHA), working under administrative control of Ministry of Housing & Works, requires the services of a registered Pharmacy to be placed on its panel for providing the prescribed medicines to FGEHA employees and their dependents in Islamabad.

| A. PROVISION OF MEDICINES TO EMPLOYEES OF FEDERAL GOVERNMENT EMPLOYEES HOUSING AUTHORITY AND THEIR DEPENDENTS, ISLAMABAD. | Bid Security: Bid Security (Rs. 50,000) in the form of CDR/Pay Order/Bank Draft in favor of FGEHA. |
|---|---|

1. The procurement shall be conducted under the **Single Stage-Two Envelope (SSTE) Procedure** pursuant to **Rule 27 (b)** of the Public Procurement Rules, 2026. Bidders will be "Post qualified" on the basis of information provided in Technical proposals.
2. **The Technical and Financial Proposals** shall be submitted electronically through e-Pak Acquistion & Disposal System **(EPADS) Version 1.0,** accessible at **https://eprocure.gov.pk,** in accordance with the respective Tender documents (which can be downloaded from the said website), within 15 days after publication of the advertisement in the daily newspaper(s). A scanned copy of the prescribed Bid Security shall be uploaded with the Technical Proposal.
3. All prospective bidders are required to register/sign up as Suppliers **on EPADS Version 1.0 (old version)** at **https://eprocure.gov.pk** before submission of their bids. Bidders already registered on EPADS Version 1.0 may use their existing credentials.
4. In case of any issue relating to registration, login or electronic submission through EPADS Version 1.0, bidders may contact the EPADS Project Office, PPRA, Office No. 201(B), 2nd Floor, Evacuee Trust Complex, Agha Khan Road, F-5/1, Islamabad; UAN: 051-111-137-237; Email: epadshelp@ppra.org.pk.
5. In addition to electronic submission through EPADS 1.0, **the original Bid Security** and the **hard-copy documents** specifically required under the respective Tender documents shall be submitted to the under signed before opening of Technical proposal. The hard copies shall be retained for record and verification, whereas evaluation shall be conducted on the basis of the bids submitted through EPADS 1.0.
6. The electronic Technical Proposals shall be opened throuth EPADS v1.0 at **12:30 PM.**
7. A bid shall be treated as non-responsive if the scanned copy of the prescribed Bid Security is not uploaded with the Technical Proposal or the physical original Bid Security is not received to FGEHA before the opening of the Technical proposal.
8. Proposals received after prescribed time and date shall be rejected. Partial, incomplete and conditional bids shall not be considered.
9. The **maximum discount offered** shall be **exclusive of taxes** payable by the bidder. All applicable taxes, duties and statutory charges shall be borne by the bidder. FGEHA reserves the right to reject all bids in accordance with **Rule 45** of the Public Procurement Rules, 2026, at any time prior to acceptance.
10. FGEHA shall not entertain any claim whatsoever for costs Incurred by the bidders for preparation and submission of bids.

Assistant Director (HR-III), FGEHA
10-Mauve Area, Sector G-10/4, Islamabad
Tel: 051-9106032
PID(I)3662/26